سلسلۂ مطبوعات :

مقتدرہ : ۹۹

دارالتصنیف : ۳۳

O

طبع اول : ۱۹۸۷ء

تعداد : ایک ہزار

قیمت : مجلد : -/۶۵

: غیر مجلد : -/۵۵

طابع : پائی لائٹ پرنٹرز
دربار مارکیٹ ، لاہور۔

ناشر : ڈاکٹر وحید قریشی ،
(صدر نشین) ،
مقتدرہ قومی زبان ،
شمائلہ اعوان پلازہ ، ۹۰- ڈی (غربی)
بلیو ایریا ، ایف- ۶/۱، اسلام آباد۔

O

کتابیاتِ تراجم

جلد دوم

نثری ادب

مرتبہ

ڈاکٹر مرزا حامد بیگ

نگران

ڈاکٹر سید عبداللہ

مقتدرہ قومی زبان ۔ اسلام آباد

۱۹۸۷ء

عرض ناشر

ترجمے کا عمل دنیا کی تمام ترقی یافتہ زبانوں میں اہمیت رکھتا ہے۔ ترجمے کی مدد سے دیگر زبانوں کے ادبیات اور اقوام کے فکری رجحانات سے آشنائی ہوتی ہے اور موضوعات و اسالیب کے حوالے سے نئی فکر پروان چڑھتی ہے۔ اردو میں تراجم کا عمل اتنا ہی قدیم ہے جتنی قدیم خود اردو زبان ہے۔ ابتدا میں عربی اور فارسی سے ترجمے ہوئے اور بعد ازاں مغربی زبانوں بالخصوص انگریزی سے ہر طرح کی کتابیں خاصی تعداد میں ترجمہ ہوئیں مگر تاحال ان کتابوں کی جامع فہرست مرتب نہیں ہوئی تھی۔ مقتدرہ کی خواہش پر ڈاکٹر مرزا حامد بیگ نے اولاً علمی کتابوں کی کتابیات مرتب کی جو چھپ چکی ہے۔ اب انھوں نے نثری ادب کی کتابیات تیار کی ہے جس میں اردو میں تراجم کے آغاز سے لے کر دور حاضر تک مغربی زبانوں سے مختلف اصناف نثر (آپ بیتی، افسانہ، تاریخ، تنقید، تاریخ ادب تنقید، حکایات، داستان، ڈراما، رزمیہ، سفرنامہ، مضمون، انشائیہ اور ناول وغیرہ) کے جتنے ترجمے ہوئے ہیں ان کی مکمل فہرست فراہم کی ہے۔

مندرجات

ابتدائیہ

مترجم کا درجہ ہر نوع کے یک اسلوبی فنکار سے بڑھ کر ہے۔ مترجم جو جدت کا متلاشی ہے اور تجربے کو پسند کرتا ہے، تب بھی روایت کا پرستار اور فنون کی ابدی قدروں کا علمبردار رہتا ہے۔ یاد رہے کہ ہر ترجمے کے باطن میں کلاسیکیت کی کوئی نہ کوئی رگ جڑی ہوئی ہوتی ہے، خواہ وہ پوشیدہ ہو یا مدفون ہی رہے۔

مترجم اس لیے بھی کلاسیکی ہے کہ وہ اپنی سرشت میں انسان دوست ہے۔ اس طرح وہ بیک وقت طالب العلم بھی ہے اور استاد بھی یعنی بیک وقت تعلیم اور تنقید سے متعلق ہے۔ اس بات کو Aulus Gellius نے "The Attic Nights" میں بطریق احسن بیان کیا ہے۔

لاطینی زبان تخلیق کرنے اور بولنے والوں نے انسان دوستی کو وہ تصور کبھی نہیں دیا جو یونانی لفظ Philanthropia میں مضمر ہے۔ انھوں نے اس لفظ کو یونانی لفظ Padeia کے معنی دے دیے یعنی "فنون لطیفہ کا علم"۔

سو کہا جا سکتا ہے کہ جو کچھ مترجم کرتا ہے، اسے چند لفظوں یا چند فقروں میں بیان کرنا ممکن ہی نہیں البتہ یہ ضرور ممکن ہے کہ مترجم کے متنوع اور گوناگوں کاموں کے لحاظ سے کئی سطحوں پر اس کے "کام" کی تشریح کی جائے۔

یہ تنوع اور بوقلمونی عظیم مترجم کو عظیم نقاد کی طرح ایک پرچھائیں یا سایہ بنا دیتی ہے اور ہر کوئی جانتا ہے کہ عظیم نقاد ، عظیم شاعر یا ادیب سے کہیں زیادہ کمیاب ہے ۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو مغرب میں ڈی ۔ ایچ ۔ لارنس اور ہمارے ہاں محمد حسن عسکری تنقید کی ضرورتوں کو فکشن کے مقابلے میں کبھی زیادہ اہمیت نہ دیتے ۔

ادب ، دی ہوئی صورت حال میں ، اچھے مترجمین کے بغیر نہیں چل سکتا ، بلکہ بعض صورتوں میں تو وہ تخلیق کاروں سے بھی بڑھ کا مترجمین کا ضرورت مند ہو جاتا ہے ۔ جب کہ ہمارے ہاں صورت احوال اس سے زیادہ مختلف نہیں ، کچھ یہی سبب ہے کہ محمد حسن عسکری ، مظفر علی سید اور محمد سلیم الرحمان نے ترجمہ نگاری کو اتنا وقت دیا ۔

شہر ادب کے باشندوں میں مترجم سب سے زیادہ بین الاقوامی شہری ہونے کا اعزاز رکھتا ہے ۔ سو مترجمین کی عدم موجودگی یا قلت کا مطلب یہ ہوگا کہ ادبی روایت اپنی ہی بنائی ہوئی دیوار چین میں مقید ہو کر رہ گئی ہے ۔ ہمارے ہاں روایتی طریق کار کے پابند تخلیق کار ایسی ہی دیوار چین کے حلقے یا کنویں کے اسیر ہیں ۔ اس دیوار سے پرے نہ دیکھنے کا مطلب یہ ہے کہ ادب آہستہ آہستہ اثر کرنے والی پژمردگی اور تھکاوٹ سے مر جائے گا ۔ اس تھکاوٹ کو گوئٹے نے Self Boredom کہا تھا ۔

جدید عہد میں کسی بھی قومی ادب کے تجدد اور احیاء کی قوت کا اندازہ مترجمین کی تعداد اور قابلیت سے لگایا جاتا ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ بعض اوقات کسی قوم کا ادب صرف مترجمین کی کوششوں کی بدولت ہی زندہ رہ پاتا ہے ۔

ترجمے کا عمل ادبی اور تہذیبی ضرورتوں کو پورا کرتا ہے ۔ ادبی ضرورت تو یہ ہوئی کہ مختلف ادبی روایات ترجمے کی مدد سے نئے رجحانات سے آشنا ہوتی ہیں ، موضوعات اور اسالیب کو پنپنے کے لیے ایک نئی فضا میسر آتی ہے ۔ چونکہ ادبی روایت بنیادی طور پر تہذیبی روایت کا حصہ ہوتی ہے ، اس لیے مختلف ادبی روایات کا اشتراک درحقیقت تہذیبی اشتراک سامنے لاتا ہے ۔ یوں مختلف ادبی تہذیبیں باہمی ربط کے سبب ایک دوسرے

کے بنیادی طرزِ احساس سے آشنا ہو کر وسیع تر عالمی تناظر میں پھلتی پھولتی ہیں۔

'پاکستان ریویو' (۱۹۵۵ء) کے ایک مضمون نگار Geem Kaaf نے ترجمہ اور تخلیق کو موضوع بناتے ہوئے لکھا تھا کہ:

"ترجمہ الفاظ کے ساتھ شروع ہوتا ہے اور شاعری 'خیال' کے ساتھ۔ 'لفظ' عارضی اور معین ہے، "خیال" لا محدود اور انھی معنوں میں مادی ہے، جن معنوں میں الفاظ مکانی ہیں۔ الفاظ سطح سے سروکار رکھتے ہیں اور روح کو نہیں پاتے، خیال روح تک پہنچ جاتا ہے جو خود بخود مناسب پیشت اختیار کر لیتی ہے۔ اس طرح ایک صورت میں تو فیضان پیدا ہوتا ہے اور دوسری صورت میں محض الفاظ کا طومار۔ ایک کامیاب مترجم بڑی بے تکلفی اور خلوصِ نیت کے ساتھ اصل مصنفین کے قریب آتا ہے اور ان کے نقوش اور اسی تاثر کو قبول کرنے والے رجحان کے ساتھ دیکھتا ہے، جس طرح کوئی شاعر پھول یا دکھ کو دیکھتا ہے۔ گویا دوسروں کی نظمیں اس کے فیضان کی محرک ثابت ہوتی ہیں۔ حقیقی مترجم ان کی صحیح کیفیت کو پا لیتا ہے۔ اس کا خلوصِ نیت بالائے شک ہے۔ جس طرح کسی وحدت الوجودی کا خلوصِ نیت بالائے شک ہوتا ہے۔ وہ فی الفور روحِ خیال کی طرف مائل ہو جاتا ہے، وہ الفاظ سے ماوراء ہے۔ اس کے ہاں ایک نئی زمین اور بدلے ہوئے حالات کے تحت نئی کیفیت کی بنا پر خیال اپنے آپ کو ایک نئی شکل میں ڈھال لیتا ہے جو اصل کیفیت کے مماثل ہوتا ہے۔ یہی اصل کے ساتھ موافقت ہے جو ترجمے کو وفادارانہ بنا دیتی ہے اور نئی صورت اپنا ایک ذاتی تاثر بھی پیدا کر لیتی ہے۔

اس وجہ سے اصل اور ترجمہ کے موازنہ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ تراجم اپنی ہی نوع کی خوبی اور عظمت کے حامل ہوتے ہیں ـــــ اور جہاں حسن فی نفسہٖ ایک قدر ہو وہاں مقابلہ و موازنہ بے کار ہے۔"

جیم کاف سے ذرا سے اختلاف کے ساتھ ان کی رائے ترجمہ اور تخلیق سے متعلق ہر طرح قابل قبول ہی نہیں، سو فیصد درست بھی ہے۔ وہ ذرا سا اختلاف کیا ہے؟ یہ جاننے کے لیے اوپر درج کردہ اقتباس نشان زد کردہ سطور کو ایک بار پھر دیکھیے۔

۱ - جیم کاف نے ترجمہ کو لفظ اور شاعری (یا تخلیق) کو خیال کی پیداوار قرار دیا ہے۔

۲ - جیم کاف نے لفظ کو "عارضی" اور "معین" بتایا ہے۔

۳ - جیم کاف کے نزدیک 'خیال' لامحدود اور 'مادی' ہے، جن معنوں میں لفظ 'مکانی' ہے۔

اب فرانسیسی شاعر میلارمے کا ایک قول ملاحظہ ہو:

"Poetry is not made with ideas, but it is made of words".

میلارمے نے بتایا کہ تخلیقی عمل میں 'لفظ' کو 'مضمون' اور "خیال" پر فوقیت حاصل ہے۔ دوسرے لفظوں میں کہہ لیں کہ شاعری الفاظ کا کھیل ہے۔ جب کہ "خیال" اور "مضمون" کو اتنی اہمیت حاصل نہیں۔ ہمارے ہاں خواجہ حیدر علی آتش نے بھی تو کہا تھا:

بندش الفاظ جڑنے سے نگوں کے کم نہیں
شاعری بھی کام ہے آتش مرصع ساز کا

دراصل جیم کاف نے تخلیقی عمل سے متعلق اپنے نظریے کی بنیاد ولیم ورڈز ورتھ کی نظریہ سازی پر رکھی ہے، سو ان کے حامی بھی بہت مل جائیں گے۔ خود ڈاکٹر محمد اقبال کا تخلیق سے متعلق یہی نظریہ تھا۔

ہمیں اس سے بحث نہیں کہ تخلیقی عمل سے متعلق میلارمے کا کہا درست ہے یا ولیم ورڈز ورتھ کا۔ اس بحث میں پڑنے سے ہمیں تو ترجمہ سے متعلق یہ نکتہ ہاتھ آگیا کہ اگر 'لفظ' ہی تخلیقی عمل کی بنیاد ہے تو جیم کاف نے ترجمہ کو "لفظ" سے متعلق بتایا ہے اس طرح یہ۔

۱۔ "لفظ" لا محدود اور مادی ہوا۔

۲۔ لفظ اور 'خیال' ہر دو کو 'عارضی' اور 'معین' قرار نہیں دیا جا سکتا۔

۳۔ لفظ اور خیال ہر دو کو 'مکمل' قرار نہیں دیا جا سکتا۔ یوں کہا جا سکتا ہے کہ ترجمہ کے عمل اور تخلیقی عمل میں کوئی فرق نہیں۔

مغرب میں ارنسٹ فینو لوسا، آرتھر ویلی، ایزرا پاؤنڈ اور ہمارے ہاں عنایت اللہ دہلوی، محمد حسن عسکری، مظفر علی سید اور محمد سلیم الرحمان نے تو ترجمے کو اپنی تخلیقی زندگی کا ایک بڑا تجربہ بنا دیا۔ ان نامور مترجمین نے دراصل ترجموں کی معرفت اپنے عہد کے دانشوروں کے سامنے ایک نیا تہذیبی پس منظر واضح کیا ہے۔

۲

ہمارے ہاں مغربی زبانوں سے باقاعدہ کتابی صورت میں شائع ہونے والے ادبی تراجم کی تعداد ۱۶۳۲ء کے لگ بھگ ہے لیکن ترجمے کے مسائل کے بارے میں ہمارے ہاں بہت کم لکھا گیا، جب کہ کتاب شماری کا کام نہ ہونے کے برابر ہوا۔

ترجمے کے مسائل سے متعلق اردو میں باقاعدہ نظریہ سازی کے حوالے سے جو تحریریں اہمیت رکھتی ہیں وہ درج ذیل ہیں:

محمد حسین آزاد (آب حیات — ۱۸۸۱ء)، ڈاکٹر مولوی عبدالحق (مقدمہ: تاریخ یونان — ۱۹۱۹ء)، نیاز فتح پوری (ترجمہ کے متعلق چند اصولی باتیں — مطبوعہ: نگار، جولائی ۱۹۲۳ء)، حاجی احمد فخری (دور تراجم — مطبوعہ: اردو، اکتوبر ۱۹۲۹ء)، پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی دہلوی (اردو کی موجودہ ضروریات — مطبوعہ: ہمایوں،

۱۹۳۳ء) ، عبدالقادر سروری (مقدمہ : مغربی تصانیف کے اردو تراجم — ۱۹۳۹ء) ، سید حسن (مغربی تصانیف کے اردو تراجم — ۱۹۳۹ء) ، عزیز احمد (دیباچہ : رومیو جولیٹ — ۱۹۴۱ء) ، سید باقر حسین (ترجمے کے اصول — مطبوعہ : ماہ نو ، ۱۹۵۰ء) ، سید ہاشمی فرید آبادی ، مولانا عبدالمجید سالک ، رفیق خاور ، پروفیسر ممتاز حسین (مذاکرہ : ترجمہ کے چند پہلو — مطبوعہ : ماہ نو ، مارچ ۱۹۵۲ء) ۔ ڈاکٹر ظ۔انصاری (ترجمے کے بنیادی مسائل — مطبوعہ : ادب لطیف ، اگست ۱۹۵۳ء) ، محمد حسن عسکری (اگر ترجمے سے فائدہ اٹھانے کا خیال ہے — مطبوعہ : ماہ نو ، فروری ۱۹۵۳ء) ، ضمیر اظہر (اردو تراجم کا جائزہ — مقالہ برائے ایم - اے (اردو) کراچی یونیورسٹی ، ۱۹۵۵ء) ، ڈاکٹر جمیل جالبی (ترجمے کے مسائل — مطبوعہ : نیا دور ، ۱۹۶۰ء) ، پروفیسر آل احمد سرور (تراجم اور اصطلاح سازی کے مسائل) ، ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی (اردو میں ترجموں کی نوعیت واہمیت — مطبوعہ : نگار ، جنوری ۱۹۶۳ء) پروفیسر جیلانی کامران (ترجمے کی ضرورت) ، میرزا ادیب (کچھ ترجمے کے بارے میں — مطبوعہ : نوائے وقت راولپنڈی ، ۱۲ مئی ۱۹۷۸ء) ، انیس ناگی (ترجمے کی ضرورت — ۱۹۷۸ء) ، ڈاکٹر سہیل احمد خان (ترجمہ ، تالیف ، تلخیص اور اخذ کرنے کا فن — مطبوعہ : کتاب لاہور ، جون ۱۹۸۲ء) ، مرزا حامد بیگ (اردو ادب میں انگریزی سے نثری تراجم — مقالہ برائے پی - ایچ - ڈی ، پنجاب یونیورسٹی ۱۹۸۳ء) اور دو مذاکرے جن کا اہتمام اکادمی ادبیات پاکستان اور مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد نے بالترتیب ۱۹۸۳ء اور ۱۹۸۵ء میں کیا ۔ مذاکروں کی روودادیں شائع ہو چکی ہیں ۔

جہاں تک کتاب شماری کا تعلق ہے تو ہماری نظر بعض چند فہارس سے آگے نہیں بڑھتی ۔ مثلاً

۱ - "الفہرست" مرتبہ : سجاد مرزا بیگ دہلوی ، حیدر آباد دکن : نظام پریس : ۱۹۲۳ء -

۲ - فہرست کتب مشمولہ "مغربی تصانیف کے اردو تراجم" از میر حسن، حیدر آباد دکن : ادارۂ ادبیات اردو ، خیریت آباد : بار اول : ۱۹۳۹ء -

۳ - فہرست کتب صدیق بکڈپو - لکھنؤ ، مرتبہ : شفیق شاہ پوری ، مطبوعہ : یونائیٹڈ انڈیا پریس ، نیا گاؤں ، لکھنؤ : ۱۹۳۹ء -

۴ - فہرست گشتی کتب خانہ ، انجمن ترقی اردو (ہند) حیدر آباد دکن ، مرتبہ : سید علی شبیر حاتمی و محمد عبدالہادی ، مطبوعہ : حیدر آباد دکن : ۱۹۴۴ء -

۵ - قاموس الکتب (دو جلدیں) ، نگران : ڈاکٹر مولوی عبدالحق ، مطبوعہ : انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی : ۱۹۶۰ء -

۶ - مملکت حیدر آباد دکن : ایک علمی ، ادبی اور ثقافتی تذکرہ : مرتبہ : احمد عبداللہ المسدوسی ، مطبوعہ : بہادر یار جنگ اکادمی کراچی ، طبع اول : نومبر ۱۹۶۷ء -

۷ - وضاحتی کتابیات (دو جلدیں) ، مرتبہ : ڈاکٹر گوپی چند نارنگ و ڈاکٹر مظفر حنفی ، مطبوعہ : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس ، دہلی : ۱۹۸۵ء -

۸ - الفہرست مشمولہ "اردو ادب میں انگریزی سے نثری تراجم" از مرزا حامد بیگ مقالہ برائے پی - ایچ - ڈی ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور : ۱۹۸۳ء -

جب کہ ان اشاریوں میں سے بھی دو فہرستیں کتب خانوں سے متعلق ہیں - سوائے نمبر ۵ ، ۷ اور ۸ کے تمام فہرستیں کتاب شماری کے جدید تقاضوں پر پوری نہیں اترتیں - "الفہرست" (مرتبہ : سجاد مرزا بیگ دہلوی) مملکت حیدر آباد دکن (مرتبہ : احمد عبداللہ المسدوسی) اور قاموس

الکتب (نگران : ڈاکٹر مولوی عبدالحق) میں بالترتیب سات ہزار ، گیارہ ہزار سات سو مڑسٹھ اور بیس ہزار چھ سو چھتیس ملی جلی کتب کے اندراج کا دعویٰ کیا گیا ہے مگر در حقیقت ایسا نہیں ہے ۔ ان تینوں فہارس میں مکررات کی کثرت ہے ، نیز مطبوعات اور قلمی نسخوں کا فرق نہیں کیا گیا ۔

ظاہر ہے کہ ایک زبان کی صدیوں کی تاریخ میں کسی موضوع سے متعلق نظریہ سازی اور کتاب شماری کی یہ تعداد نہ ہونے کے برابر ہے ۔

تراجم کی کتاب شماری کی تین صورتیں ممکن ہیں :

۱ ۔ اردو میں تراجم کے آغاز سے تا حال مغربی زبانوں سے جتنے بھی تراجم ہوئے ، خواہ کسی زبان سے ہوئے ہوں اور ان کی نوعیت جیسی بھی ہو ، ان کی ایک مکمل فہرست مرتب کر دی جائے ۔

۲ ۔ تراجم کا ایک انتخاب کیا جائے ، جس میں رطب و یابس پر وقت ضائع کرنے کی بجائے ساری توجہ اہم تراجم پر مرکوز رہے ۔

۳ ۔ کتاب شماری کے ذریعے اردو تراجم کی عہد بہ عہد نشوونما کا جائزہ لیا جائے ۔

ان میں سے اول الذکر طریقہ کار کو اس لیے بنیادی اہمیت حاصل ہے کہ اردو میں کتاب شماری کا کام نہ ہونے کے برابر ہوا ہے ، جب کہ رطب و یابس سے مستند اور اہم کام کو علیحدہ کرنے کا کام اس سے دوسرا قدم ہے ۔ تیسری صورت ہر عہد کو پہچان عطا کرتی ہے اور اس کی اہمیت بھی کم نہیں ۔ لیکن یہ کام بھی اسی صورت میں ممکن ہے جب کتاب شماری مکمل ہو جائے ۔

"کتابیات تراجم" میں اول الذکر طریقہ کار کو اپناتے ہوئے بنیادی نوعیت کا کام کیا گیا ہے ۔ جہاں تک ممکن تھا مطبوعہ کتب کے کوائف شامل کتاب کر دیے گئے ہیں ۔

"کتابیات تراجم" میں لائبریری سائنس کے جدید ترین اصولوں کی روشنی میں مقتدرہ قومی زبان ، اسلام آباد کے وضع کردہ کتاب شماری کے اصولوں کی پابندی کی گئی ہے ۔ اندراج کا طریقہ کار درج ذیل ہے :

نام کتاب :

نام مصنف :

نام مترجم :

مقام اشاعت : ناشر : نام مطبع : سنہ اشاعت :

صفحات :

موضوع : مختصر کوائف

حوالہ (فہرست مآخذ سے متعلق نمبر شمار کا اندراج)

قوسین میں درج کردہ نمبر شمار کا تعلق فہرست مآخذ سے ہے ، جو کتابیات کے شروع میں دے دی گئی ہے -

اندراجات کے اختتام پر مصنفین اور مترجمین کے ناموں کا الگ الگ اشاریہ دے دیا گیا ہے ، جس کے ذریعے مطلوبہ کتب تک رسائی آسان ہوگی -

افسوس کہ قدیم و جدید مترجمین و ناشرین نے اصل متن سے متعلق معلومات فراہم کرنے میں ہمیشہ کوتاہی برتی ہے - "کتابیات تراجم" کی ترتیب کے دوران یہ تجربے میں آیا کہ اکثر کتب کے ضابطہ (پرنٹ لائن) میں مصنف ، نام کتاب (اصل متن) ، سنہ اشاعت اور ایڈیشن کے بارے میں درست معلومات درج کرنے سے گریز کیا گیا ہے - اسی طرح بعض کتابوں کے آخر میں تجارتی اشتہارات کی شمولیت کے سبب کتاب کی اصل ضخامت تک رسائی مشکل ہو جاتی ہے - بعض صورتیں ایسی بھی ہیں ، جہاں صفحات کا تعین کرنا ایک جوکھم سے نبرد آزما ہونے سے کسی طرح کم نہیں -

فہارس کتب میں غلط اندراجات کی بھرمار کے سبب "کتابیات تراجم" بھی غلطیوں سے پاک نہ ہو گی ، اس لیے کہ بنیادی حوالوں کی اغلاط کو کلی طور پر درست کر لینا آج اس لیے بھی ممکن نہیں کہ پرانی ترجمہ شدہ کتب کا وجود اور عدم وجود برابر ہے - ۱۸۵۷ء کے زوال

اور برصغیر کی آزادی کے ہنگام میں کتب خانوں کی جو صورت بنی وہ کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں ۔ بعض نا گزیر صورتوں میں پرانی فہارس کو ہی بنیاد بنانا پڑتا ہے ۔ تاہم امید ہے کہ آپ اس کوشش کو ایک حد تک کارآمد پائیں گے ۔

مرزا حامد بیگ

فہرست مآخذ

الف۔ کتب و فہارس کتب

۱ - 'الفہرست' مرتبہ : سجاد مرزا بیگ دہلوی ، حیدر آباد دکن : نظام پریس ، ۱۹۲۳ء -

۲ - 'الفہرست' ، مشمولہ : اردو ادب میں انگریزی سے نثری تراجم ، از مرزا حامد بیگ ، ڈاکٹر مقالہ برائے پی - ایچ - ڈی ، اردو سیکشن پنجاب یونیورسٹی لائبریری ، لاہور ۱۹۸۳ء -

۳ - 'پاکستان میں اردو کے ترقیاتی ادارے' ، مرتبہ : ایوب صابر ، مقتدرہ قومی زبان ، اسلام آباد ، طبع اول ۱۹۸۶ء -

۴ - 'فہرست کتب' صدیق بکڈپو ، لکھنؤ ، مرتبہ : شفیق شاہ پوری ، مطبوعہ : یونائیٹڈ انڈیا پریس ، نیا گاؤں ، لکھنؤ: ۱۹۲۹ء -

۵ - 'فہرست کتب' مشمولہ : 'مغربی تصانیف کے اردو تراجم' ، از میر حسن ، حیدر آباد دکن : ادارۂ ادبیات اردو ، خیریت آباد ، بار اول : ۱۹۳۹ء -

۶ - 'کتابیات اردو مطبوعات — ۱۹۸۳ء' ، مرتبہ : خالد اقبال یاسر ، مطبوعہ : مقتدرہ قومی زبان ، اسلام آباد ، طبع اول : ۱۹۸۵ء -

۷ - 'گشتی کتب خانہ ، انجمن ترقی اردو (ہند) ، حیدر آباد دکن' ، مرتبہ : سید علی شبر حاتمی (ناظم) ، محمد عبدالہادی (مہتمم) ، مطبوعہ : حیدر آباد دکن : ۱۹۴۳ء -

۸ ، 'مملکت حیدر آباد دکن : ایک علمی ، ادبی اور ثقافتی تذکرہ' مرتبہ: احمد عبداللہ المسدوسی ، مطبوعہ : بہادر یار جنگ اکادمی ، سراج

سراج الدولہ روڈ ، بہادر آباد ، کراچی نمبر ۵ ، طبع اول : نومبر ۱۹۶۷ء۔

ب ۔ ذخائر کتب

۹ ۔ ابو الکلام آزاد لائبریری ، جامعہ علی گڑھ ، علی گڑھ (بھارت)

۱۰ ۔ پنجاب پبلک لائبریری ، لاہور (پاکستان)

۱۱ ۔ پنجاب یونیورسٹی لائبریری ، انارکلی ، لاہور (پاکستان)

۱۲ ۔ دیال سنگھ (ٹرسٹ) لائبریری ، لاہور (پاکستان)

۱۳ ۔ غالب لائبریری ، ناظم آباد ، کراچی (پاکستان)

۱۴ ۔ کتب خانہ خاص و عام ، انجمن ترقی اردو ، کراچی (پاکستان)

۱۵ ۔ لائبریری ، ترقی اردو بیورو ، نئی دہلی (بھارت)

۱۶ ۔ لیاقت نیشنل لائبریری ، کراچی (پاکستان)

۱۷ ۔ ذخیرۂ کتب : مؤسسہ فرینکلن نیو پارک ، لاہور ، مملوکہ : مولانا حامد علی خان ، سابق ڈائریکٹر مؤسسہ فرینکلن لاہور ، لاہور (پاکستان)

۱۸ ۔ ذخیرۂ کتب : ''کتاب گھر'' ڈی ۔ ۲۷۹ اقبال روڈ ، راولپنڈی ، ناشر : ''کامران سیریز''

۱۹ ۔ ذخیرۂ کتب : ایوب لائبریری ، نزد گورنمنٹ ہائی سکول ، اٹک شہر

۱

آپ بیتی

آپ بیتی

۱ - آپ بیتی : چیخوف ، ترجمہ : مشتاق بھٹی ، لاہور : سنگم پبلشرز ، ۱۹۳۶ء ، آپ بیتی : روسی زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ ، جس کا ایک ایڈیشن کوآپریٹو کیپیٹل پرنٹنگ پریس لاہور نے بھی شائع کیا - ایک غیر مطبوعہ ترجمہ ساحر لدھیانوی کا لیا ادارہ لاہور کی ملکیت ہے (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۲ - آپ بیتی : گاندھی ، مہاتما ، ترجمہ : حامد قریشی ، لاہور : انڈین پرنٹنگ پریس ، س - ن ، ص : ۲۷۲ ، آپ بیتی : انگریزی سے ترجمہ ، دوسری بار کتابستان اردو لاہور نے شائع کیا ، (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۳ - آزادی کی جنگ : بکرٹی ، واشنگٹن ، ترجمہ : غلام حیدر خان ، لاہور : نگینہ پریس ، طبع اول : ۱۹۳۶ء ، ص : ۲۳۹ ، خود نوشت : ایک امریکی حبشی واشنگٹن بکرٹی کی آپ بیتی - ایک ترجمہ "حبشی غلام کی سرگزشت" کے نام سے ۱۹۲۰ء میں شائع ہوا (حوالہ : ۱۳ ، ۱۶) -

۴ - آزادی یا موت : کراوچنکو ، وکٹر ، ترجمہ : ن - ق ، کراچی : مطبوعات کامل : دین محمدی پریس ، ۱۹۵۱ء ، ص : ۲۷۱ ، آپ بیتی ، ایک روسی افسر کی خود نوشت ، غالباً انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۶) -

۵ - آئیسا ڈورا : ڈنکن ، آئیسا ڈورا ، ترجمہ : فارغ بخاری و محمود رضوی ، لاہور : آئینہ ادب ، ۱۹۶۱ء ، آپ بیتی : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۶ - اپنی کہانی : راجندر پرشاد ، ڈاکٹر ، ترجمہ : گوپی ناتھ امن ، دہلی : ساہیتہ اکیڈمی ، ۱۹۶۱ء ، ص : ۱۱۰۲ ، آپ بیتی : انگریزی سے ترجمہ ، اس خود نوشت میں تحریک آزادی سے متعلق خاصا مواد موجود ہے (حوالہ : ۲ ، ۹) -

۷ - اٹھارہ مہینے ہندوستان میں : نہرو ، پنڈت جواہر لال ، ترجمہ : بشیر احمد انصاری ، لاہور : قام مطبع لدر د، س - ن . آپ بیتی : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۸ - ایام غدر یعنی مسز ہوتست خانم انگلسی کی دردناک سرگزشت : ہوتست خانم ، مسز ، ترجمہ : سید ظفر احسن ، لاہور : پنجابی پریس ، ۱۹۲۳ء ، ص : ۱۴۲ ، ۱۸۵۷ء کی ایک سرگزشت (آپ بیتی) (حوالہ : ۱۱) -

۹ - تزک ہٹلری : ہٹلر ، اڈولف ، ترجمہ : ابراہیم علی چشتی ، محمد ، لاہور : پاکستان ٹائمز پریس ، ۱۹۵۰ء ، ص : ۶۹۶ ، آپ بیتی : جرمن زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ ، اس کتاب کا ایک ترجمہ "میری جد و جہد" کے نام سے بھی ہوا ہے (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۱۰ - تلاش حق (دو جلدیں) : گاندھی ، مہاتما ، ترجمہ : ڈاکٹر سید عابد حسین ، نئی دہلی : مکتبہ جامعہ ملیہ ، طبع اول : ۱۹۳۸ء ، ص : ۶۹۹ ، آپ بیتی : انگریزی سے ترجمہ ، کتاب میں ہندوستان کی سیاسی تاریخ کو بھی مرتب کر دیا گیا ہے (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۱۱ - ٹالستائی کی کہانی : ٹالستائی ، لیو ، ترجمہ : شیو چرن لال ، بابو خود نوشت : روسی زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ ، ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۳) -

۱۲ - ٹالستائی کی کہانی : ٹالستائی ، لیو ، ترجمہ : یزدانی جالندھری ، لاہور : نرائن دت سہگل ، ۱۹۴۱ء ، خود نوشت : (حوالہ : ۷) -

۱۳ - جد و جہد : جے پرکاش نرائن ، ترجمہ : یوسف مہر علی ، لاہور :

مرکنٹائل پریس ، ۱۹۸۶ء ، ص : ۲۷۹ ، خود نوشت : بھارتی سیاست داں جے پرکاش نرائن کی آپ بیتی (حوالہ : ۱۳ ، ۱۶) ۔

۱۴ ۔ جرم سے پھانسی تک : چسمین ، کیرل ، ترجمہ : عابد رشید ، لاہور : نیشنل پبلشرز ، خود نوشت : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۱۳ ، ۱۶) ۔

۱۵ ۔ جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی : ایوب خان ، فیلڈ مارشل جنرل محمد ، ترجمہ : غلام عباس ، لاہور : آکسفورڈ یونیورسٹی پریس : محمود پرنٹنگ پریس ، ۱۹۶۷ء ، ص : ۳۲۰ ، خود نوشت : سابق صدر پاکستان کی آپ بیتی "Friends not Masters" کا ترجمہ ۔ اصل کتاب لکھنے میں ایوب خان کو الطاف گوہر کی معاونت حاصل تھی (حوالہ : ۲ ، ۱۹) ۔

۱۶ ۔ جیل کی کہانی : گاندھی ، مہاتما ، ترجمہ : ن ۔ ن ، لاہور : پستک بھنڈار ، س ۔ ن ، آپ بیتی : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۱۷ ۔ حبشی غلام کی سرگزشت : بکرتی ، واشنگٹن ، ترجمہ : رام داس ، لاہور : کپور آرٹ پریس ، ۱۹۲۰ء ، سوانح : انگریزی سے ترجمہ ، ایک ترجمہ "آزادی کی جنگ" کے عنوان سے ۱۹۳۶ء میں شائع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۵) ۔

۱۸ ۔ روز ویلٹ : روز ویلٹ ، ترجمہ : تیرتھ رام فیروز پوری ، لاہور : نرائن دت ، سہگل اینڈ سنز ، ۱۹۳۰ء ، آپ بیتی : انگریزی سے ترجمہ ، امریکی صدر کی خود نوشت (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۱۹ ۔ رہائی : تانگ ، لیوشا ، ترجمہ : بشیر حسین ضیائی ، لاہور : اردو مرکز ، س ۔ ن ، آپ بیتی : چینی زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ ، ایک ترجمہ "سرخ چین سے فرار" کے نام سے دہلی سے شائع ہو چکا ہے (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۲۰ ۔ زندگی کی شاہراہ پر : گورکی ، میکسم ، ترجمہ : رضیہ سجاد

ظہیر، لاہور: پیپلز پبلشنگ ہاؤس، س ۔ ن، آپ بیتی:
۱۸۶۸ء تا ۱۹۳۶ء تک کے زمانے میں گورکی کے لڑکپن اور
جوانی کے ساتھ ادھیڑ عمری کے ایام کی تفصیل ۔ یہ کتاب "بچپن
اور منزل کی تلاش" کے سلسلے کی درمیانی کڑی ہے (حوالہ:
۲، ۱۰، ۱۱)۔

۲۱ ۔ سرخ چین سے فرار: ٹانگ، لیوشا، ترجمہ: ن ۔ ن، دہلی:
جید پریس، س ۔ ن، ص: ۳۵۸، آپ بیتی: چینی زبان سے
انگریزی کی معرفت ترجمہ۔ ایک ترجمہ "رہائی" کے نام سے
بشیر حسین ضیائی کا ملتا ہے (حوالہ: ۲، ۱۰، ۱۱)۔

۲۲ ۔ سرگزشت ٹالسٹائی: ٹالسٹائی، کاؤنٹ ۔ لیو، ترجمہ: ن ۔ ن،
لاہور: س کنٹائل پریس ۔ س، ن، ص: ۱۵۸، آپ بیتی:
روسی زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ: ۲، ۱۰، ۱۱)۔

۲۳ ۔ سرگزشت نپولین بونا پارٹ شہنشاہ فرانس: نپولین، ترجمہ:
محمد مشتاق حسین، گلزاری لال و گنگا پرشاد، لکھنؤ: نام مطبع
ندارد، ۱۸۷۱ء، ص: ۲۹۶، آپ بیتی: نپولین بونا پارٹ
شہنشاہ فرانس کی خود نوشت (حوالہ: ۱، ۲، ۵، ۱۳)۔

۲۴ ۔ طوق و زنجیر: گاندھی، مہاتما، ترجمہ: ن ۔ ن، لاہور:
گیلانی الیکٹرک پریس، ۱۹۴۳ء، خود نوشت: انگریزی سے
ترجمہ، پنجاب پبلشرز لاہور نے بھی ایک ایڈیشن شائع کیا
(حوالہ: ۷)۔

۲۵ ۔ کروچے کی سرگزشت: کروچے، ترجمہ: محمد علی صدیقی،
کراچی: ادارۂ عصر نو، ۳۲ ہمایوں کالونی کراچی نمبر ۱۸،
۱۹۷۹ء، آپ بیتی: اطالوی زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ
(حوالہ: ۲، ۱۰، ۱۱)۔

۲۶ ۔ کڑوی کہانی: گورکی، میکسم، ترجمہ: امیر اختر، دہلی:
مکتبہ ضیاء ادب ۲۰۸۶ کوچہ ماہر خان، ۱۹۵۴ء، ص: ۱۸۳،
آپ بیتی: گورکی کی "Boss" کا ترجمہ ۔ ایک طرح سے یہ آپ
بیتی اس دور کی جگ بیتی بھی ہے (حوالہ: ۲، ۹، ۱۶)۔

۲۷ - گلاگ مجمع الجزائر (حصہ سوم و چہارم) : سولژے نیتسن ، الیگزینڈر ، ترجمہ : مظفر حنفی ، نئی دہلی : نیشنل اکادمی ، انصاری مارکیٹ دریا گنج ، طبع اول : ۱۹۷۸ء ، ص : ۶۲۳ ، نوبل انعام یافتہ مصنف کی یادداشتوں پر مشتمل داستان جو روس کی جبری مشقت سے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے - حصہ سوم ۲۲ ابواب اور حصہ چہارم ۳ ابواب پر مشتمل ہے -

۲۸ - گورکی کی آپ بیتی (۳ جلدیں) : گورکی ، میکسم ، ترجمہ : اختر حسین رائے پوری ، ڈاکٹر ، حیدر آباد دکن : انجمن ترقی اردو (ہند) ، ۱۹۳۰ء ، آپ بیتی کا روسی زبان سے براہ راست ترجمہ - تیسری جلد ۱۹۳۵ء میں چھپی (حوالہ : ۲ ، ۷ ، ۸) -

۲۹ - مسولینی کی آپ بیتی : مسولینی ، ترجمہ : بادشاہ حسین ، سید ، حیدر آباد دکن : اعظم اسٹیم پریس ، ۱۹۳۹ء ، خود نوشت : اٹلی کے ڈکٹیٹر کی آپ بیتی - ایک ترجمہ اکرام قمر کا بھی ملتا ہے (حوالہ : ۸) -

۳۰ - مسولینی کی آپ بیتی : مسولینی ، ترجمہ : شیخ اکرام قمر ہوشیار پوری ، لاہور : پنجاب لٹریچر کمپنی ، خود نوشت : اٹلی کے ڈکٹیٹر کی آپ بیتی - ایک ترجمہ بادشاہ حسین کا بھی ملتا ہے - جسے اس کتاب کا اولین ترجمہ کہنا چاہیے (حوالہ : ۲ ، ۷ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۳۱ - میرا لڑکپن : ٹیگور ، رابندر ناتھ ، ترجمہ : شیر محمد اختر ، لاہور : لاجپت رائے اینڈ سنز ، س - ن ، ص : ۱۶۰ ، آپ بیتی : انگریزی سے ترجمہ - نوبل انعام یافتہ مصنف کی آپ بیتی (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۲ ، ۱۳ ، ۱۶) -

۳۲ - میری جد و جہد : ہٹلر ، اڈولف ، ترجمہ : شانتی آرائی ، لاہور : الیکٹرک پریس : طبع اول : ۱۹۳۸ء ، ص : ۳۸۹ ، خود نوشت : یہ کتاب ۱۹۳۹ء تک انگریزی میں شائع ہو کر ۲۶ لاکھ کی تعداد میں فروخت ہوچکی تھی - انگریزی میں چھپنے کے بعد

ایک ماہ میں چھ ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ بک گئے ۔ یہ ترجمہ نرائن دت سہگل لاہور نے بھی شائع کیا ۔ اس کتاب کا ایک ترجمہ "ترک ہٹلری" کے نام سے بھی شائع ہو چکا ہے (حوالہ : ۲ ، ۳ ، ۷ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۳۲ ۔ میری داستان حیات : ہیلن کیلر ، ترجمہ : خادم محی الدین ، لاہور : منظور عام پریس ، ص : ۲۲۳ ، خود نوشت : ہیلن کیلر کی آپ بیتی ۔ اس ترجمے کو اردو اکیڈمی لاہور اور قومی کتب خانہ لاہور والوں نے بھی شائع کیا ہے (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۳ ، ۱۶) ۔

۳۳ ۔ میری ڈائری : وجے لکشمی پنڈت ، ترجمہ : راجندر ، لاہور : جے ہند پبلشرز ، ص : ۱۳ ، خود نوشت : وجے لکشمی پنڈت کی نظر بندی ۱۹۴۲ء تا ۱۹۴۳ء کا روزنامچہ ۔ انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۳) ۔

۳۵ ۔ میری زندگی : چیخوف ، ترجمہ : ساحر لدھیانوی ، لاہور : قلمی : نقوکس لیا ادارہ سرکلر روڈ ، ص : ۱۶۰ ، آپ بیتی : روسی زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ ۔ ایک ترجمہ مطبوعہ صورت میں بھی ملتا ہے جو مشتاق اوٹی نے کیا (حوالہ : ۲) ۔

۳۶ ۔ میری زندگی کی کہانی : فورڈ ، ہنری ، ترجمہ : اوما دت بی ۔ اے ، پنڈت ، دہلی : کرونیشن پرنٹنگ ورکس ، ص : ۳۵۰ ، خود نوشت "My Life & Work" کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۶) ۔

۳۷ ۔ میری کہانی (دو جلدیں) : نہرو ، پنڈت جواہر لال ، ترجمہ : عابد حسین ، (ڈاکٹر) سید ، دہلی : مکتبہ جامعہ ملیہ ، ۱۹۳۶ء ، آپ بیتی : ۱۹۳۶ء تک کے سیاسی حالات کے ساتھ نہرو کی آپ بیتی ۔ اردو ترجمے میں لالہ لاجپت رائے ، حکیم اجمل خان اور ڈاکٹر انصاری جیسے مشاہیر کی تصاویر شامل کی گئی ہیں ۔ یہی ترجمہ زمانہ بکڈپو کانپور نے ۱۹۳۷ء میں شائع کیا ۔ چند برق

پریس دہلی سے ۱۹۳۹ء میں طبع ہوا جس کی جلد اول ۷۴۳ اور جلد دوم ۵۳۸ صفحات پر مشتمل تھی (حوالہ: ۲، ۳، ۷، ۱۳)۔

۳۸۔ میری مختلف زندگیاں: فلبرک، ہربر ڈاٹ، ترجمہ: ن۔ ن، دہلی: جید برق پریس، س۔ ن، ص: ۱۵۷، آپ بیتی: "I Lead Three Lives" کا ترجمہ (حوالہ: ۱، ۲)۔

۳۹۔ میں ادیب کیسے بنا؟: گورکی، میکسم، ترجمہ: محمد حسن عسکری، لاہور: الجدید، س۔ ن، سوانحی یادداشت: انگریزی سے ترجمہ، اصل کتاب روسی زبان میں ہے۔ ترجمہ تقریباً ۱۹۴۲ء میں طبع ہوا (حوالہ: ۲)۔

۴۰۔ نئی صبح: اینا کیسا توتا، ترجمہ: ل۔ احمد (لطیف الدین احمد)، بمبئی: قومی دارالاشاعت، ص: ۱۷۴، خود نوشت: روسی خاتون کی خود نوشت کا براہ راست روسی زبان سے ترجمہ (حوالہ: ۱۲، ۱۶)۔

۴۱۔ ورکتا: سکالمر، جوزف، ترجمہ: ستیجہ، ایس۔ ایم، دہلی: تاج آرٹ پریس، س۔ ن، ص: ۱۵۴، آپ بیتی: دوسری جنگ عظیم کے بعد مشرق جرمنی میں مصنف کی گرفتاری اور قید و بند کے حالات۔ انگریزی سے ترجمہ (حوالہ: ۲، ۱۰، ۱۱)۔

۲

افسانہ

افسانہ

۴۲ - آپ بیتیاں : ترجمہ : تیرتھ رام فیروز پوری ، لاہور : کتابستان اردو ، س ۔ ن ، افسانہ (حوالہ : ۷) ۔

۴۳ - آسیہ اور دوسری کہانیاں : چیخوف ، تورگنیف وغیرہ ، ترجمہ : منظور حسین ، خواجہ ، لاہور : وین گارڈ ، دی مال ، ۱۹۸۳ء ، ص : ۳۳۸ ، افسانے : سہر موتیوف ، ترگنیف ، چیخوف ، سولو گب ، کیتاریف اور ایوانوف کے روسی افسانوں کے تراجم انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۹ ، ۱۶) ۔

۴۴ - آلام حیات : ترجمہ : ن ۔ ن ، کانپور : زمانہ بک ایجنسی ، ۱۹۳۱ء ، افسانے : انگریزی کے معتبر افسانہ نگاروں سے انتخاب (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۴۵ - آئرستان کے بہترین افسانے : ترجمہ : رحیم ، لاہور : مکتبہ کائنات ، س ۔ ن ، افسانے : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰) ۔

۴۶ - ابا چار : ٹیگور ، رابندر ناتھ ، ترجمہ : ن ۔ ن ، راولپنڈی : لکشمی دیو ناگیہ ، ۱۹۴۳ء ، افسانے : بنگلہ زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۷) ۔

۴۷ - ارضوان زار : ڈکنز ، چارلس ، ترجمہ : احمد حسین خان ، خان ، لاہور : فیروز سنز لمیٹڈ (پاکستان) ، افسانے : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۳ ، ۱۶) ۔

۴۸ - اس پار : ترجمہ : تیرتھ رام فیروز پوری ، لاہور : دائرہ ادبیہ ، س ۔ ن ، افسانے : (حوالہ : ۷) ۔

۴۹ - افسانہائے عشق : ٹیگور ، زونا گیل ، میتا چیٹرجی و منیتا چیٹرجی ، ترجمہ : حامد علی خاں ، مولانا ، لاہور : مرکنٹائل پریس چیمبر لین روڈ ، س ۔ ن ، افسانے : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۷) ۔

۵۰ - الحمرا کے افسانے : ارونگ ، واشنگٹن ، ترجمہ : غلام عباس ، افسانے : Tales from Alhamra سے ماخوذ و ترجمہ ، کتاب میں عرب نجومی ، سنگ مرمر کی پریاں ، الحمرا کا گلاب شہزادہ احمد اور سحر زدہ سپاہی ۵ افسانے شامل کتاب ہیں (حوالہ : ۲ ، ۵) ۔

۵۱ - اندھا کنواں اور دیگر کہانیاں : پو ، ایڈگر ایلن ، ترجمہ : ابن انشا ، لاہور : شیش محل کتاب گھر ، افسانے : یہ ترجمہ دوسری بار مؤسسہ فرینکلن کے تعاون کے ساتھ لارک پبلشرز کراچی نے شائع کیا (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۳ ، ۱۶) ۔

۵۲ - انگریزی افسانے : ترجمہ : عبدالقادر سروری ، حیدر آباد دکن : مکتبۂ ابراہیمیہ ، سٹیشن روڈ ، ۱۹۳۱ء ، افسانے : انگریزی افسانوں کی انتھالوجی ، یہ ایک عظیم منصوبے کی تیسری جلد ہے (حوالہ : ۲ ، ۴) ۔

۵۳ - انگریزی افسانے : ترجمہ : غلام عباس ، افسانے : انگریزی افسانوں کے تراجم کی انتھالوجی (حوالہ : ۲) ۔

۵۴ - ایک ترک کا روزنامچہ : حامد خلیل ، پروفیسر ، ترجمہ : انشاء اللہ ، روزنامچہ : ترک پروفیسر جو ینگ ترکش پارٹی کا ممبر بھی تھا اس کے انگریزی روزنامچے کا ترجمہ مع اس کے غلط بیانات کی تردید کے ۔ یہ ترجمہ ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۴) ۔

۵۵ - بارش : ماہام ، سمرسٹ ، ترجمہ : شاہد احمد دہلوی ، لاہور : شاہکار سیریز ، طویل مختصر افسانہ : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

۵۶ - بحر جاسوسی : کانن ڈائل ، سر آرتھر ، ترجمہ : نوازش علی خاں لاہوری ، افسانے : شرلاک ہومز کے سلسلے کی جاسوسی کہانیوں کا ترجمہ جو ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۴) ۔

۵۷ - بدلا ہوا زمانہ و دیگر افسانے : دھارٹن ، ایڈتھ ، ترجمہ : صلاح الدین احمد ، مولانا ، لاہور : پبلشرز یونائیٹڈ لمیٹڈ ، انارکلی ، ۱۹۶۰ء ، افسانے : ۷ افسانوں کے مجموعے کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۷) ۔

۵۸ - برف ، آگ اور انسان : لنڈن ، جیک ، ترجمہ : انور عنایت اللہ ، کراچی : اردو اکیڈمی سندھ ، ص : ۲۰۲ ، افسانے : ۱۸ افسانوں کا انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۵۹ - بغیر اجازت : ترجمہ : منٹو ، سعادت حسن ، لاہور : ظفر برادرز ، افسانے : روسی اور انگریزی افسانوں کا انتخاب و ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۶۰ - بلغارین افسانے : ترجمہ : اظہر جاوید ، لاہور : مطبوعات تخلیق ، ۱۹۷۱ء ، افسانے : انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۶۱ - بہترین ہمسایوی افسانے : ترجمہ : رحیم ، لاہور : مکتبہ جدید ، ۱۹۶۳ء ، افسانے : ۲۰ویں صدی کے شاہکار افسانے ، دوسری بار البیان لاہور نے شائع کیا (حوالہ : ۲) ۔

۶۲ - بیوہ : ٹیگور ، رابندر ناتھ ، ترجمہ : ن - ن ، لاہور ، فرنٹیر بکڈپو ، ۱۹۴۳ء ، افسانے : بنگلہ زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۷) ۔

۶۳ - پر اسرار اجنبی : ترجمہ : گوپال متل ، لاہور : نیشنل اکادمی ، ۱۹۴۰ء ، افسانے : (حوالہ : ۷ ، ۹) ۔

۶۴ - پر اسرار افسانے : ترجمہ سردار حسین ، لکھنؤ : کتاب نگر ، دین دیال روڈ ، طبع اول : ۱۹۷۸ء ، ص : ۱۳۶ ، نو افسانوں کا

مجموعہ : اس سے رابرٹ آئیک مین ، ونکی کالس ، ولیم ہائن مین ، ایم ۔ آر جیمس ، موپاساں ، کارٹر ڈکسن ، رچرڈ کانل ، ڈلسی گرے ، فلاڈیا رچرڈ سن کے پر اسرار افسانے شامل ہیں (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۶۵ ۔ پر اسرار وادی : پو ، ایڈگر ایلن و دیگر افسانہ نگار ، ترجمہ : میرزا ادیب ، لاہور : تخلیق مرکز ، ۳۳ ۔ شاہ عالم مارکیٹ ، س ۔ ن ، افسانے : ایڈگر ایلن پو ، مارک ٹوین ، واشنگٹن اروِن ، ولیم جیمز ، ہرمن میلول اور ہاتھارن جیسے اہم ناموں کے ۱۳ منتخب افسانوں کا انتخاب (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۶۶ ۔ پردیسی : ٹیگور ، رابندر ناتھ ، ترجمہ : ن ۔ ن ، لاہور : رام دۃ مل ، ۱۹۴۴ء ، افسانے : بنگلہ زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۷) ۔

۶۷ ۔ پہلی کتاب : مرتبہ : اجمل کمال ، حیدر آباد سندھ : ۲۰۵ ۔ ای یونٹ ۹ ۔ لطیف آباد ، اگست ۱۹۸۱ء ، افسانے/شاعری : خورخے لوئس بورخیس کے تراجم شامل کتاب ہیں (حوالہ : ۲) ۔

۶۸ ۔ پھوٹ : مرتبہ : ڈیٹرشن ، وولف ، ترجمہ : ممتاز شیریں ، لاہور : فیروز سنز لمیٹڈ (پاکستان) ، س ۔ ن ، افسانے : جرمن افسانوں کا انگریزی کی معرفت ترجمہ ۔ مختلف افسانہ نگاروں سے متعلق انتھالوجی (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۶۹ ۔ ٹالسٹائی کے افسانے : ٹالسٹائی ، کاؤنٹ ۔ لیو ، ترجمہ : اکرام قمر ، لاہور : لاجپت رائے ، ۱۹۴۰ء ، افسانے : (حوالہ : ۲ ، ۷) ۔

۷۰ ۔ ٹیگور کے افسانے : ٹیگور ، رابندر ناتھ ، ترجمہ : ن ۔ ن ، لاہور : آزاد بکڈپو ، س ۔ ن ، افسانے : بنگلہ افسانوں کا انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۷۱ ۔ جاسوسی قصے : ترجمہ : ن ۔ ن ، پانی پت : نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۲ء ، جاسوسی افسانے : انگریزی اور فرانسیسی سے ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

۷۲ - جرمن ادب پارے : بوشر ، ولف گینگ لینجن ، ترجمہ : محمد اسلم فرخی ، ڈاکٹر ، لاہور : فیروز سنز لمیٹڈ (پاکستان) ، ۱۹۷۱ء ، ص : ۳۸۸ ، افسانے : جرمن ادب سے مکمل انتھالوجی کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۷۳ - جلا وطن : ترجمہ : تیرتھ رام فیروز پوری ، لاہور : جنرل بکڈپو ، س - ن ، افسانے : (حوالہ : ۷) -

۷۴ - جنت و جہنم : ترجمہ : سیتا دیوی چٹرجی ، لاہور : نرائن دت سہگل ، ۱۹۳۳ء ، افسانے : (حوالہ : ۷) -

۷۵ - چار سو ایس عورتیں : ترجمہ : تیرتھ رام فیروز پوری ، لاہور : دائرہ ادبیہ ، س - ن ، افسانے : (حوالہ : ۷) -

۷۶ - چہ دلاور است دز دے : پو ، ایڈگر ایلن ، ترجمہ : ابن انشا ، لاہور : شیش محل کتاب گھر بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، افسانے : (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۷) -

۷۷ - چینی جاپانی افسانے : عبدالقادر سروری ، افسانے : چینی اور جاپانی زبان سے افسانوں کا انتخاب ، انگریزی کی معرفت ترجمہ جو ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۳) -

۷۸ - خاموش حسن : ٹیگور ، رابندر ناتھ ، ترجمہ : ن - ن ، افسانے : بنگلہ افسانوں کا انگریزی کی معرفت ترجمہ جو ۱۹۳۸ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۳) -

۷۹ - خاموش محبت : ٹیگور ، رابندر ناتھ ، ترجمہ : ن - ن ، لاہور : نیشنل لٹریچر کمپنی ، ۱۹۴۳ء ، افسانے : بنگلہ زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۷) -

۸۰ - خلا نوردوں کے افسانے : رابنسن ، فرینک و دیگر ، ترجمہ : محمد سلیم الرحمان ، لاہور : نیا ادارہ سرکلر روڈ ، س - ن ، افسانے : فرینک رابنسن ، وانٹ شیلڈن ، آرتھر ، سی کلارک ، ہل براؤن ، دیمے برنڈ بری ، آئزک ازیموف اور روبرٹ مور ولیمز وغیرہ کا سائنس فکشن سے انتخاب و ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۸۱ - خواب پریشاں : ترجمہ : عنایت اللہ دہلوی ، دہلی : شاہجہان بک ایجنسی ، س ـ ن ، افسانے (حوالہ : ۷) ـ

۸۲ - خودکشی کی انجمن : ترجمہ : سالک ، عبدالمجید ، لاہور : دارالاشاعت پنجاب ، ۱۹۲۸ء ، افسانے (حوالہ : ۷) ـ

۸۳ - داستان : ترجمہ : عابد علی عابد ، سید ، لاہور : ہاشمی بکڈپو ، س ـ ن ، افسانے (حوالہ : ۷) ـ

۸۴ - دلہن : کرین ، اسٹیفن ، ترجمہ : جاوید صدیقی ، لاہور : یونائیٹڈ بک ڈپو لمیٹڈ ، ۱۹۶۰ء ، ص : ۲۸۸ ، افسانے و کہانیاں : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ـ

۸۵ - دنیا کی رنگین مزاج عورتیں : ترجمہ : مہدی علی خاں ، راجہ ، لاہور : لرائن دتہ سہگل ، س ـ ن ، افسانے (حوالہ : ۷) ـ

۸۶ - دنیا کے بہترین افسانے : انتخاب و ترجمہ : منصور احمد ، لاہور : نام مطبع ندارد ، ۱۹۲۵ء ، افسانے : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۵) ـ

۸۷ - دنیا کے بہترین افسانے : ترجمہ : بالکرشن سوج ، لاہور : راج پال اینڈ سنز ، ۱۹۴۳ء ، افسانے : مختلف مغربی افسانہ نگاروں کے افسانوں کا انتخاب، انگریزی زبان کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۷)ـ

۸۸ - دنیا کے شاہکار افسانے (تین جلدیں) : گاشہ ، تھیوفیل وغیرہ متعدد نام ، مرتبہ : عبدالقادر سروری ، حیدر آباد دکن : مکتبہ ابراہیمیہ ، طبع اول : ۱۳۴۱ھ بمطابق ۲۳-۱۹۲۲ء ، افسانے : انتھالوجی کئی جلدوں پر مشتمل تھی ـ جرمن افسانے ، فرانسیسی افسانے ، روسی افسانے اور ولندیزی افسانے قامی جلدوں میں غلام عباس ، عزیز احمد ، ڈاکٹر تاثیر ، صوفی تبسم ، معراج الدین شامی ، بدر الدین بدر ، افتخار الدین ، معین الدین اور خواجہ میر مترجمین تھے ـ تیسری جلد ۱۹۳۰ء اور دوسری جلد ۱۹۳۱ء میں طبع ہوئی (حوالہ : ۲ : ۸) ـ

۸۹ - دنیا کے عظیم ترین سچے افسانے : ترجمہ : گوپال متل ، لاہور :

پنجاب لٹریچر کمپنی ، س ۔ ن ، افسانے (حوالہ : ۷) ۔

۹۰ ۔ **دنیا کے قدیم افسانے** : انتخاب و ترجمہ : عبدالقادر سروری ، حیدر آباد دکن : مکتبہ ابراہیمیہ پریس ، ۱۹۲۷ء ، افسانے : مصر ، یونان ، روم ، ایران ، عرب اور ہندوستان کے قدیم منتخبہ افسانے ۔ ۲۵ افسانوں میں سے بیشتر انگریزی کی معرفت ترجمہ ہوئے (حوالہ : ۲ ، ۳ ، ۸) ۔

۹۱ ۔ **دھڑکتے دل** : آسکر وائلڈ و دیگر ، ترجمہ : اختر شیرانی ، نام مطبع ندارد ، افسانے : فرانسیسی ، جرمن ، روسی اور انگریزی افسانہ نگاروں ، جیسے آسکر وائلڈ ، موپاساں ، آئیون بیون ، گالز وردی اور لامرتین کی تحریروں سے انتخاب و ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

۹۲ ۔ **ذرات مضطرب** : ٹیگور ، رابندر ناتھ ، ترجمہ : منصور احمد ، نام مطبع و سنہ ندارد ، طویل مختصر افسانہ : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ : ۵) ۔

۹۳ ۔ **روسی افسانے** : ترجمہ : منٹو ، سعادت حسن ، لاہور : دارالادب پنجاب ، ۱۹۴۳ء ، افسانے : روسی افسانوں کا انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۷) ۔

۹۴ ۔ **روسی افسانے (دو جلدیں)** : انتخاب و ترجمہ : محمد مجیب ، پروفیسر ، دہلی : انجمن ترقی اردو (ہند) ، ۱۹۳۰ء ، افسانے : روسی زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۸) ۔

۹۵ ۔ **روسی افسانے** : ترجمہ : راحت ، لاہور : کتابستان اردو ، ۱۹۴۳ء ، افسانے : روس کے نامور افسانہ نگاروں کے افسانوں کا انتخاب : انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۷) ۔

۹۶ ۔ **زندگی پھر مسکرائی اور دوسری کہانیاں** : بک ، پرل ۔ ایس ، ترجمہ : یوسف ظفر ، لاہور : مقبول اکیڈمی ، طبع اول : ۱۹۶۵ء ، افسانے : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۱۳ ، ۱۶) ۔

۹۷ ۔ **سانس کی پھانس** : پو ، ایڈگر ایلن ، ترجمہ : ابن انشا ، لاہور :

شیش محل کتاب گھر بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، افسانے : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۷) ۔

۹۸ ۔ سبز جیکٹ : مرتبہ : گیسر ، گرڈ ، ترجمہ : ممتاز شیریں ، لاہور : فیروز سنز لمیٹڈ (پاکستان) ، افسانے : جرمن افسانوں کی انتھالوجی کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۱ ، ۱۶) ۔

۹۹ ۔ سچی پوجا : ٹیگور ، رابندر ناتھ ، ترجمہ : ن ۔ ن ، لاہور : نیشنل پریس ، ۱۹۳۳ء ، افسانے : بنگلہ زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۷) ۔

۱۰۰ ۔ سحر فرانس : موپاساں ، گائے ڈی ، ترجمہ : طاہر قریشی ، لاہور : کتب خانہ ادبی دنیا ، ۱۹۳۰ء ، افسانے : فرانسیسی افسانوں کے مجموعے کا ترجمہ ۔ دیباچہ شاہد احمد دہلوی اور تعارفیہ عاشق حسین بٹالوی نے لکھا ہے (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۱۰۱ ۔ سنبلستان : ترجمہ : تیرتھ رام فیروز پوری ، لاہور : گیلانی الیکٹرک پریس ، ۱۹۲۶ء ، افسانے : انگریزی سے ترجمہ ، اصل افسانے بنگلہ زبان میں ہیں (حوالہ : ۲ ، ۷ ، ۱۱) ۔

۱۰۲ ۔ سنگم اور سائے : کیرو ، ترجمہ : عبدالقدیر رشک ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز ، افسانے : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۱۳ ، ۱۶) ۔

۱۰۳ ۔ سیر گل : ترجمہ : جلیل احمد قدوائی ، کانپور : زمانہ بک ایجنسی ، ۱۹۳۸ء ، افسانے : روسی افسانوں کا انتخاب و ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۱۰۴ ۔ عجیب لڑکی : بک ، پرل ۔ ایس ، ترجمہ : قمر نقوی ، لاہور : مقبول اکیڈمی ، ۱۹۶۳ء ، ص : ۲۲۹ ، افسانے : Fourteen Stories کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۳) ۔

۱۰۵ ۔ عشق اور موت : ترجمہ : تیرتھ رام فیروز پوری ، راولپنڈی : لکشمی دیو نانکچند ، ۱۹۵۳ء ، افسانے (حوالہ : ۷) ۔

۱۰۶ - عطر فروش دوشیزہ کے قتل کا معمہ : پو ، ایڈگر ایلن ، ترجمہ : ابن انشا ، لاہور : شیش محل کتاب گھر بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، افسانے (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۷) -

۱۰۷ - فرانسیسی افسانے : مرتبہ : عبدالقادر سروری ، ترجمہ : عزیز احمد ، افسانے : فرانسیسی سے انگریزی کی معرفت انتخاب و ترجمہ ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۴) -

۱۰۸ - فریب نظر : ترجمہ : طاہر جمیل ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز ، افسانے : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۱۳ ، ۱۶) -

۱۰۹ - کاروان خیال : ترجمہ و ترتیب : شعبہ تصنیف و تالیف ، فیروز سنز لمیٹڈ (پاکستان) ، س - ن ، ص : ۳۴۳ ، افسانے : انگریزی، بنگلہ ، روسی اور فرانسیسی افسانوں کا انتخاب (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۱۱۰ - کاروان زار : ترجمہ و ترتیب : شعبہ تصنیف و تالیف ، فیروز سنز لمیٹڈ ، لاہور : فیروز سنز لمیٹڈ (پاکستان) ، س - ن ، ص : ۳۴۶ ، افسانے : انگریزی ، فرانسیسی ، بنگلہ اور روسی افسانوں کا انتخاب (حوالہ : ۲ ، ۱۹ ، ۱۱) -

۱۱۱ - کافکا کے افسانے : کافکا ، فرانز ، ترجمہ : لیق مسعود ، لکھنؤ : ادبستان ، دین دیال روڈ ، طبع اول : ۱۹۷۸ء ، ص : ۹۶ ، کتاب میں جرمن کہانی کار کی چھوٹی بڑی ۲۰ تحریریں ترجمہ کرنے کے ساتھ مصنف کے بارے میں سوانحی و دیگر معلومات شامل کی گئی ہیں -

۱۱۲ - گناہ بے لذت : ترجمہ : تیرتھ رام فیروز پوری ، لاہور : نیشنل لٹریچر کمپنی ، ۱۹۴۳ء ، افسانے : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۷) -

۱۱۳ - گناہ غربت : ٹالسٹائی ، کاؤنٹ ، لیو ، ترجمہ : ن - ن ، لاہور : نرائن دت سہگل ، ۱۹۳۱ء ، افسانے (حوالہ : ۷) -

۱۱۴ - گورکی کے افسانے : گورکی ، میکسم ، ترجمہ : سعادت حسن

منٹو ، لاہور : مکتبۂ شعر و ادب ، سمن آباد ، طبع دوم : س ۔ ن ، افسانے : منٹو نے دیباچے کے طور پر گورکی کی شخصیت اور فن پر ۳۱ صفحات کا مقالہ رقم کیا ہے ۔ کتاب میں "میداتوں میں چھبیس مزدور" اور "دوشیزہ ، خان اور اس کا بیٹا" اور "خزاں کی ایک رات" نامی افسانے شامل ہیں (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۱۱۵ ۔ لاکھوں کا شہر : ہنری ، او ، ترجمہ : ابن انشاء ، کراچی : لارک پبلشرز ، 'The Four Million' کا ترجمہ (حوالہ : ۱۳ ، ۱۶) ۔

۱۱۶ ۔ محبت کی مسیحائی : ترجمہ : عابد حسین خان ، لاہور : مکتبۂ ادب جدید ، ۱۹۴۳ء ، افسانے : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۷) ۔

۱۱۷ ۔ مشرق و مغرب کے افسانے : ترجمہ : عاشق حسین بٹالوی ، لاہور : تاج کمپنی ، ۱۹۴۳ء ، افسانے : انتھالوجی، انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۷) ۔

۱۱۸ ۔ معیاری افسانے : ترجمہ و انتخاب : حفیظ جالندھری ، ابوالاثر ، لاہور : مجلس اردو ۔ کتاب خانۂ حفیظ اردو بازار ، س ۔ ن ، افسانے : (انتھالوجی) ۔ کتاب پر نظرثانی ڈاکٹر محمد دین تاثیر نے کی تھی (حوالہ ، ۲) ۔

۱۱۹ ۔ مغرب کی حسین اور گنہگار عورتیں : تیرتھ رام فیروز پوری ، راولپنڈی : لکشمی دیو نا گپہ ، ۱۹۴۳ء ، افسانے ، (حوالہ : ۷) ۔

۱۲۰ ۔ منتخبات : ماؤزے تنگ ، ترجمہ : ن ۔ ن ، لاہور : پیپلز پبلشنگ ہاؤس ، متفرق اصناف (بیشتر شاعری) : انتخاب و ترجمہ ۔ کتاب میں کہانیاں/افسانے بھی شامل ہیں (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۱۲۱ ۔ موپاساں کے افسانے : موپاساں ، گائے ۔ ڈی ، ترجمہ : ن ۔ ق ،

لاہور: ہاشمی بک ڈپو، انارکلی، ۱۹۳۰ء، افسانے: فرانسیسی افسانوں کا ترجمہ (حوالہ: ۲، ۱۰، ۱۱)۔

۱۲۲۔ **موپاساں کے افسانے:** موپاساں، گائے ڈی، ترجمہ: نصیر حیدر، سید، لاہور: دارالادب پنجاب، س۔ن، افسانے: فرانسیسی افسانوں کا براہ راست اور انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ: ۲، ۷، ۱۰، ۱۱)۔

۱۲۳۔ **موتی بھی:** مرتبہ: کاشنٹز، ماری، ترجمہ: ممتاز شیریں، لاہور: فیروز سنز لمیٹڈ (پاکستان)، افسانے: (انتھالوجی) جرمن افسانوں کا انتخاب، انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ: ۲، ۱۰، ۱۱، ۱۶)۔

۱۲۴۔ **مورکھ راج:** ٹالسٹائی، کاؤنٹ، لیو، ترجمہ: ن۔ن، لاہور: کتابستان اردو، س۔ن، افسانے: روسی افسانوں کا انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ: ۷)۔

۱۲۵۔ **ناسور:** ٹیگور، رابندر ناتھ، ترجمہ: ن۔ن، دہلی: محبوب المطابع، س۔ن، افسانے: بنگلہ زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ: ۷)۔

۱۲۶۔ **ناؤ اور دوسری کہانیاں:** کرین، اسٹیفن و دیگر، ترجمہ: انتظار حسین، لاہور: آئینہ ادب، ۱۹۵۸ء، افسانے: سٹیفن ونسنٹ بینٹ، اسٹیفن کرین اور لرومین کپوٹ کے چار افسانے شامل کتاب ہیں (حوالہ: ۲، ۱۰، ۱۶)۔

۱۲۷۔ **نظارۂ لندن:** ترجمہ: تیرتھ رام فیروز پوری، لاہور: کتابستان اردو، ۱۹۳۳ء، انگریزی سے ترجمہ (حوالہ: ۷)۔

۱۲۸۔ **نقوش ادب:** ٹالسٹائی، ایم۔ لیول وغیرہ، ترجمہ: اکرام قمر اور پیر عبیدی، مرتبہ: سراج الدین ظفر، لاہور: فیروز سنز لمیٹڈ (پاکستان)، ۱۹۵۵ء، افسانے: ٹالسٹائی کا الیاس (ترجمہ: اکرام قمر)، ایم۔ لیول کا بھکاری (فرانسیسی سے ترجمہ: پیر عبیدی) اور ایک نا معلوم مصنف کا افسانہ "ایک پاؤنڈ کا نوٹ"

(ترجمہ : پیر عبیدی) شامل کتاب ہیں (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۶) ۔

۱۲۹ ۔ نگارستان : ارونگ ، واشنگٹن ، ترجمہ : نیاز فتح پوری ، لکھنؤ : نگار بک ایجنسی ، افسانے : انگریزی سے آزاد ترجمہ ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۵) ۔

۱۳۰ ۔ نئے بنگالی افسانے : انتخاب و ترجمہ : الطاف گوہر ، کراچی : مطبوعات پاکستان ، ۱۹۵۵ء ، افسانے : (انتھالوجی) بیشتر افسانے انگریزی کی معرفت ترجمہ ہوئے (حوالہ : ۲ ، ۱۱) ۔

۱۳۱ ۔ لیرنگ : بیبے ، این ۔ آر ۔ کے ، ترجمہ : ن ۔ ن ، نئی دہلی : مکتبہ جامعہ ملیہ ، ۱۹۳۲ء ، افسانے : نئے دور کی خواتین سے متعلق افسانوں کا مجموعہ ۔ انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

۱۳۲ ۔ وہ بیضوی تصویر : پو ، ایڈگر ، ایلن ، ترجمہ : ابن انشاء ، لاہور : شیش محل کتاب گھر بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، افسانے : ترجمہ دوسری بار کلاسیک ، دی مال لاہور نے شائع کیا (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۷) ۔

۱۳۳ ۔ ھتیا اور دوسرے افسانے : ہارڈی ، ٹامس و دیگر ، ترجمہ : مجنوں گورکھ پوری ، گورکھ پور : ایوان پریس ، س ۔ ن ، افسانے : ٹامس ہارڈی ، ہاتھارن ، ٹالسٹائی ، موپاساں اور چیخوف کے افسانوں سے ماخوذ و ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۵) ۔

۱۳۴ ۔ ہسپانوی افسانے : ترجمہ : رحیم ، لاہور : پیپلز پبلشنگ ہاؤس ، افسانے : انگریزی کی معرفت ہسپانوی افسانوں کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۱) ۔

۱۳۵ ۔ ہمعصر جرمن افسانے : ترتیب و انتخاب : کوپلے ، سیگرڈ ، ترجمہ : ممتاز شیریں ، محمد سلیم الرحمان ، لاہور : فیروز سنز لمیٹڈ (پاکستان) ، س ۔ ن ، افسانے : جرمن زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۱) ۔

۱۳۶ ۔ بیبٹ لاک افسانے : لیول ، موریس ، ترجمہ : امتیاز علی تاج ، سید ، لاہور : دارالاشاعت پنجاب ، طبع دوم : ۱۹۳۱ء ، افسانے : مغربی ادبیات سے انگریزی کی معرفت ترجمہ ۔ کتاب پہلی بار ۱۹۲۷ء میں شائع ہوئی (حوالہ : ۲ ، ۷) ۔

۱۳۷ : ہیمنگوے کے افسانے : ہیمنگوے ، ارنسٹ ، ترجمہ : مظفر احمد ، لاہور : لاہور پبلشرز یونائیٹڈ ، ۱۹۶۰ء ، افسانے : نوبل ادبی انعام یافتہ مصنف کے افسانوں کا انتخاب و ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۳

تاریخ ادب

تاریخ ادب

۱۳۸ - آثار عجم : براؤن ، ایڈورڈ - جی ، ترجمہ : رشید احمد ، دہلی : انجمن ترقی اردو (ہند) ، تاریخ ادبیات کا خلاصہ : ایران کی ادبی تاریخ (حوالہ : ۱۳) -

۱۳۹ - امریکی ناول اور اس کی روایت : چیز ، رچرڈ ، ترجمہ : وقار عظیم (پروفیسر) ، سید ، لاہور : آئینہ ادب بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، ۱۹۶۱ء ، تنقیدی تاریخ : امریکی ناول کی تاریخ (حوالہ : ۲ ، ۱۰۷) -

۱۴۰ - اوریجن آف ماڈرن ہندوستانی لٹریچر : گلکرسٹ ، (ڈاکٹر) جان بارتھوک ، ترجمہ : محمد عتیق صدیقی ، کراچی : نام مطبع ندارد ، تنقیدی تاریخ : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۱۴۱ - تاریخ ادب اردو : سکسینہ ، رام بابو ، ترجمہ : مرزا محمد عسکری، لکھنؤ : نگار بک ایجنسی ، ۱۹۲۹ء ، تنقیدی تاریخ : انگریزی سے ترجمہ ، متعدد ایڈیشن شائع ہوئے (حوالہ : ۲ ، ۴ ، ۱۰) -

۱۴۲ - تاریخ ادبیات ایران : براؤن ، ایڈورڈ - جی ، ترجمہ : سجاد حسین ، سید ، اورنگ آباد : انجمن ترقی اردو (ہند) ، ۱۹۳۲ء ، تنقیدی تاریخ ادب : انگریزی کی معرفت ترجمہ - دوسرے حصے کا ترجمہ سید وہاج الدین نے کیا تھا جسے انجمن نے ۱۹۳۹ء میں دہلی سے شائع کیا تھا - "Literary History of Persia" کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۷) -

۱۴۳ - تاریخ ادبیات ایران (عہد جدید) : براؤن ، ایڈورڈ - جی ، ترجمہ: سید وہاج الدین ، دہلی : انجمن ترقی اردو (ہند) ، ۱۹۳۹ء ،

تاریخ ادب : انگریزی سے ترجمہ ۔ پہلے حصے کا ترجمہ سجاد حسین نے کیا تھا ، جو انجمن نے ۱۹۳۲ء میں اورنگ آباد دکن سے شائع کیا (حوالہ : ۷) ۔

۱۳۴ ۔ تاریخ ادبیات ایران بعہد مغولان : براؤن ، ایڈورڈ ۔ جی ، ترجمہ : محمد داؤد رہبر ، حیدر آباد دکن : انجمن ترقی اردو (ہند) ، ۱۹۳۹ء ، ایران کی ادبی تاریخ : یہ اس سلسلے کی تیسری جلد ہے (حوالہ : ۷) ۔

۱۳۵ ۔ طبقات الشعراء : دتاسی ، گارساں ، ترجمہ : فیلن ، ڈاکٹر و مولوی کریم الدین ، نام مطبع و سنہ ندارد ، تنقیدی تاریخ 'History of Urdu Literature' کا ترجمہ ۔ اصل کتاب فرانسیسی زبان میں ہے ۔ یہ ترجمہ ۱۸۷۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۵) ۔

۱۳۶ ۔ قدیم بلوچی شاعری : ڈیمز ، لانگ ورتھ ، ترجمہ : خدا بخش بجارانی ، کوئٹہ : بزم ثقافت ، ۱۹۶۳ء ، تحقیق و تنقید : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۱۳۷ ۔ مقالات گارساں دتاسی (۲ جلدیں) : دتاسی ، گارساں ، ترجمہ : یوسف حسین خاں ، ڈاکٹر ، اختر حسین رائے پوری اور عزیز احمد ، اورنگ آباد : انجمن ترقی اردو (ہند) ، جلد اول ، طبع اول : ۱۹۳۵ء ، جلد دوم ، طبع اول : ۱۹۴۳ء ، تنقید : فرانسیسی زبان سے 'La Langue Etla Literature Hindusta-nies En 1871—1877' کا ترجمہ ۔ نظر ثانی : ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے کی ۔ پہلی جلد 'ہندوستانی زبان پر لیکچرز ۱۸۵۰ء تا ۱۸۶۹ء' کا ترجمہ یوسف حسین خاں نے کیا ۔ جب کہ دوسری جلد 'ہندوستانی زبان پر لیکچرز ۱۸۷۰ء تا ۱۸۷۷ء' کا ترجمہ اختر حسین رائے پوری اور عزیز احمد نے کیا ۔ یہ کتاب دوسری بار انجمن ترقی اردو نے کراچی سے ۱۹۷۷ء میں شائع کی (حوالہ : ۲ ، ۷ ، ۸ ، ۱۳) ۔

۱۳۸ - ہسٹری آف اردو لٹریچر : بیلی ، گراہم ؛ ترجمہ : حمیدہ ملک ، لاہور : قلمی : پنجاب یونیورسٹی ، اردو سیکشن ، تنقیدی تاریخ : انگریزی سے ترجمہ برائے ایم - اے اردو (حوالہ : ۲ ، ۱۰) -

۱۳۹ - ہندوستانی مصنفین اور ان کی تصنیفات : دتاسی ، گارساں ، ترجمہ : ذکاء اللہ دہلوی ، مولوی ، طبع اول : ۱۸۵۶ء ، تحقیق و تنقید : اصل کتاب فرانس سے ۱۸۵۵ء میں شائع ہوئی (حوالہ : ۲ ، ۵) -

۴

تنقید

تنقید

۱۵۰ - آرٹ آف یونگ : موردا ، آلڈرے ، ترجمہ : محمد اسلم ، حیدر آباد سندھ : ایجوکیشنل بک ڈپو ، ۱۹۵۶ء ، تنقید : نفسیات دان یونگ کے فن سے متعلق کتاب کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱)۔

۱۵۱ - آن ڈیوائن کامیڈی : کرالسکی ، سگمنڈ ، ترجمہ : جعفر علی خان ، لاہور : نام مطبع ندارد ، تنقید : 'آن ڈیوائن کامیڈی' کا ترجمہ ۔ یہی ترجمہ دہلی سے 'ہلاک فریب' کے نام سے شائع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱)۔

۱۵۲ - ادب اور تنقیدی نظریے : ڈائشز ، ڈیوڈ ، ترجمہ : مبارکہ انجم ، لاہور : قلمی ، پنجاب یونیورسٹی لائبریری ، اردو سیکشن ، تنقید : مقالہ برائے ایم ۔ اے اردو (حوالہ : ۲ ، ۱۱)۔

۱۵۳ - ادبی تنقید : ہڈسن ، ولیم ہنری ، ترجمہ : عصمت جاوید ، الہ آباد : اردو رائٹرس گلڈ ، ۱۹۷۷ء ، ص : ۱۱۲ ، تنقید اور ادب کی قدر و قیمت کا تعین ، تنقید کے وظائف ، مطالعۂ تنقید ، تنقید کے تاریخی پہلو ، ادب کی قدر شناسی وغیرہ موضوعات پر ، تعداد اشاعت : ۶۰۰ ، طباعت : آفسٹ (حوالہ : ۹ ، ۱۵)۔

۱۵۴ - ادبی تنقید کے اصول : ایبرو کرومبی ، لیسلی ، ترجمہ : عبدالحمید شیخ ، قلمی ، پنجاب یونیورسٹی لائبریری اردو سیکشن ، تنقید : مقالہ برائے ایم ۔ اے اردو (حوالہ : ۲ ، ۱۱)۔

۱۵۵ - ارسطو سے ایلیٹ تک : ارسطو و دیگر ناقدین ، ترجمہ : جمیل

جالبی ، ڈاکٹر ، کراچی : نیشنل بک فاؤنڈیشن ، طبع اول : ۱۹۷۶ء ، تنقید ؛ مضامین کی انتھالوجی ، ارسطو سے ایلیٹ تک اہم ناقدین کے مضامین کا ترجمہ - کتاب میں ہر ناقد پر مختصر نوٹ خصوصی اہمیت کے حامل ہیں - نیشنل بک فاؤنڈیشن نے دوسرا ایڈیشن ۱۹۷۷ء میں شائع کیا ، تیسری بار یہ ترجمہ ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس ، نئی دہلی نے ۱۹۸۱ء میں شائع کیا (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۶) -

۱۵۶ - ارفع ادب : لانجائنس ، ترجمہ : عبدالحمید چودھری ، لاہور : قلمی ، پنجاب یونیورسٹی اردو سیکشن ، تنقید : مقالہ برائے ایم - اے اردو نمبر ۸۸۸ T ، LہJ (حوالہ : ۲ ، ۱۱) -

۱۵۷ - ارنسٹ ہیمنگوے : ینگ ، فلپ ، ترجمہ : محمد سلیم الرحمان ، لاہور : میری لائبریری بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، ۱۹۶۵ء ، شخصیت اور فن ؛ اصل کتابچہ امریکہ سے شائع ہوا ، انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۷) -

۱۵۸ - اصول تنقید : ایبرو کرومبی ، لیسل ، ترجمہ : عبدالسلام و جلیل احمد ، کراچی : اردو اکیڈمی سندھ ، بندر روڈ ، ۱۹۶۳ء ، تنقید ؛ انگریزی سے 'Principles of Criticism' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۳) -

۱۵۹ - اقبال : مجتبیٰ مینوی ، ترجمہ : غلام مصطفیٰ تبسم ، صوفی ، لاہور : بزم اقبال ، ۱۹۵۵ء ، شخصیت اور فن (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۶) -

۱۶۰ - انگریزی ادب : تھورو ، ہنری ڈیوڈ ، ترجمہ : علی عباس حسینی نئی دہلی : ساہتیہ اکیڈمی ، ۱۹۶۰ء ، تنقیدی مقالات ؛ انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۱۵) -

۱۶۱ - ایلیٹ کے مضامین : ایلیٹ ، ٹی - ایس ، ترجمہ : جمیل جالبی ، ڈاکٹر ، دہلی : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس ، دہلی نمبر ۶ ، ۱۹۷۸ء ، ص : ۳۲۰ ، یہ کتاب پہلی بار پاکستان سے ۱۹۶۰ء

میں ، دوسری بار لکھنؤ سے ۱۹۶۶ء میں ، تیسری بار پاکستان سے ۱۹۷۱ء میں طبع ہوئی ۔ چوتھا ایڈیشن نظر ثانی و اضافے کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ یہ مختلف مضامین کا مجموعہ ہے (حوالہ : ۲ ، ۹ ، ۱۵) ۔

۱۶۲ ۔ باقی ماندہ خواب : ژید ، آندریے و دیگر نام ، ترجمہ : کشور ناہید ، لاہور : سنگ میل پبلی کیشنز ، سرکلر روڈ ، ۱۹۸۲ء ، تنقید : ۲۱ مضامین کا مجموعہ جس میں نئے کلاسیک کو نمائندگی دی گئی ہے (حوالہ ۲ ، ۱۰) ۔

۱۶۳ ۔ بوطیقا : ارسطو ، ترجمہ : بدر منیر ڈار ، لاہور : لاہور اکیڈمی ، تنقید : اس کتاب کا پہلا ترجمہ عزیز احمد نے کیا تھا ۔ ایک اور ترجمہ 'شعریات' کے عنوان سے شمس الرحمان فاروقی نے کیا (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۱۶۴ ۔ تنقیدی نظریے : افلاطون ، لانجائنس ، ایلیٹ وغیرہ ، ترجمہ : ملک حسن اختر ، لاہور : جدید بک ڈپو ، اردو بازار ، ۱۹۶۶ء ، تنقید : تنقیدی افکار کے بیان میں کئی پیرا گراف ترجمہ ملتے ہیں مغربی تنقید کی تاریخ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۱۶۵ ۔ توضیحی لسانیات — ایک تعارف : گلیسن (جونیئر) ، ایچ ۔ ایس ترجمہ : عتیق احمد صدیقی ، دہلی : ترقی اردو بورڈ ، جے ۔ کے آفسیٹ پرنٹرز ، دہلی ، ۱۹۷۹ء ، ص : ۵۸۹ ، لسانیات/تنقید : اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن ۱۹۸۲ء میں شائع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۹ ، ۱۵) ۔

۱۶۶ ۔ تھارنٹن وائلڈر : گریبانیئر ، ترجمہ : کمال احمد رضوی ، لاہور : مکتبہ میری لائبریری بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، شخصیت و فن : کتابچہ ، امریکی ادیب سے متعلق (حوالہ : ۲ ، ۱۷) ۔

۱۶۷ ۔ ٹی ۔ ایس ایلیٹ : وانگر ، لیونارڈ ، ترجمہ : قیوم نظر ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، شخصیت اور فن : اصل کتابچہ امریکہ سے شائع ہوا (حوالہ : ۲ : ۱۷) ۔

۱۶۸ - جدید ناول نگار : لڈوگ ، جیک ، ترجمہ : سجاد باقر رضوی ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، تنقید : امریکہ کے جدید ناول نگاروں سے متعلق کتابچہ (حوالہ : ۲ ، ۱۷) -

۱۶۹ - حالیہ شاعری امریکہ میں : کیمپبل ، گلاکو ، ترجمہ : قیوم نظر ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، س - ن ، تنقید : امریکی شاعری سے متعلق کتاب کا انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۷) -

۱۷۰ - خیالات ٹالسٹائی : ٹالسٹائی ، کاؤنٹ - لیو ، ترجمہ : ن - ن ، لاہور : نام مطبع ندارد ، س - ن ، تنقیدی نظریات : ٹالسٹائی کی فکر و فلسفہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۱۷۱ - والف والڈو ایمرسن : جوزفائن مانلز ، ترجمہ : رحیم ، لاہور : مکتبہ میری لائبریری ، شخصیت اور فن : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۱۷۲ - سیسفس کی کہانی : کامیو ، البیر ، ترجمہ : انیس ناگی ، لاہور : ص - ن پبلی کیشنز ، پوسٹ بکس نمبر ۱۳۲۹ ، ۱۹۸۰ء ، تنقید : لایعنیت پر ایک مقالہ - انگریزی کی معرفت ترجمہ - دعویٰ فرانسیسی زبان سے براہ راست ترجمے کا کیا گیا ہے (حوالہ : ۲ ، ۱۱) -

۱۷۳ - شعریات : ارسطو ، ترجمہ : شمس الرحمان فاروقی ، نئی دہلی : ترقی اردو بورڈ ، ۱۹۷۸ء ، ص : ۱۰۰ ، بوطیقا کا ترجمہ : فاروقی کے مقدمہ اور ایک مبسوط تعارف کے ساتھ تعداد اشاعت ایک ہزار ، طباعت آفسٹ ، اس کتاب کا پہلا ترجمہ عزیز احمد نے 'فن شاعری یا بوطیقا' کے عنوان سے ۱۹۴۱ء میں کیا - (حوالہ : ۲ ، ۱۵) -

۱۷۴ - فن اور ادب کے مسائل : ماوزے تنگ ، ترجمہ : عبدالرؤف خاں ، لاہور : مکتبہ میری لائبریری ، س - ن ، تنقید : ادبی

مسائل پر عظیم چینی رہنما کے افکار (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱)۔

۱۷۵ - فن شاعری (بوطیقا) : ارسطو ، ترجمہ : عزیز احمد ، دہلی : انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی ، ۱۹۷۷ء ، ص : ۱۲۶ ، بوطیقا کا ترجمہ ۔ آخر میں بطور ضمیمہ مترجم کی طرف سے اشارات اور تلمیحات کی وضاحت کر دی گئی ہے ۔ ایڈیشن نمبر اور تعداد اشاعت درج نہیں ۔ اسی کتاب کا 'شعریات' کے نام سے شمس الرحمان فاروقی نے بھی ترجمہ کیا ہے ۔ عزیز احمد کا یہ ترجمہ انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی نے ۱۹۴۱ء میں پہلی بار شائع کیا (حوالہ : ۲ ، ۱۳)۔

۱۷۶ - فنون لطیفہ اور انسان : ایڈمن ، اروِن ، ترجمہ : عابد علی عابد ، سید ، لاہور : مؤسسہ فرینکلن ، طبع اول : ۱۹۶۳ء ، تنقید : اس کتاب میں مشہور شعراء ، فلسفیوں اور مصوروں کی فنون لطیفہ سے متعلق آراء کو یکجا کر دیا گیا ہے ۔ 'Art & the Man' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱)۔

۱۷۷ - کلاسیکیت اور رومانیت : ارنسٹ ہیم ، تھامس ، ترجمہ : انجم حفیظ ، لاہور : غیر مطبوعہ مقالہ برائے ایم ۔ اے اردو پر ۱۹۷۵ء ، تنقید : مقالہ برائے پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج ، لاہور (حوالہ : ۱۱)۔

۱۷۸ - مارک ٹوین : لوئیس ، میری ، ترجمہ : سجاد حارث ، لاہور : میری لائبریری بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، شخصیت اور فن : مشہور مزاح نگار سے متعلق انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۷)۔

۱۷۹ - مختصر افسانہ : راس ، ڈینفرتھ ، ترجمہ : عابد علی عابد ، سید ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، تنقید : اصل کتاب امریکہ سے شائع ہوئی ۔ انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۷)۔

۱۸۰ - مغربی شعریات : افلاطون ، ارسطو ، لانجائنس وغیرہ ، ترجمہ : ہادی حسین ، محمد ، لاہور مجلس ترقی ادب ، تنقید : افلاطون سے ٹی ۔

ایس ایلیٹ تک نامور مغربی ناقدین کی تنقیدیں (حوالہ : ۲ ، ۳ ، ۱۱) -

۱۸۱ - مقدس مطالعۂ ادب : ہڈسن ، ولیم ہنری ، ترجمہ : رفیع الدین ، سید ، (ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی) ، لاہور : غیر مطبوعہ ، تنقید : مقالہ برائے ایم - اے (اردو) پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج ، لاہور (حوالہ : ۲) -

۱۸۲ - موجودہ ڈراما : ڈاؤلر ، ایلن ، ترجمہ : عابد علی عابد ، سید ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، تنقید : امریکن ڈرامے سے متعلق تحقیق و تنقید - اصل کتاب امریکہ سے شائع ہوئی (حوالہ : ۲ ، ۱۷) -

۱۸۳ - ناول کا فن : فورسٹر ، ای - ایم ، ترجمہ ، ابو الکلام قاسمی ، علی گڑھ : ایجوکیشنل بک ہاؤس ، پہلا ایڈیشن : ۱۹۷۸ء ، ص : ۱۴۰ ، قصہ ، کردار ، پلاٹ ، فنتسی ، پیش گوئی ، پیٹرن اور آہنگ وغیرہ موضوعات پر ، پیش لفظ میں مترجم نے کتاب کی اہمیت واضح کی ہے - طباعت : لیتھو ، تعداد اشاعت ایک ہزار (حوالہ : ۲ ، ۹ ، ۱۵) -

۱۸۴ - لنہیتھل ہاتھارن : ویگر ، ہائی ایٹ - ایچ ، ترجمہ : عابد علی عابد ، سید ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، شخصیت اور فن : امریکی مصنف سے متعلق معلوماتی کتابچہ (حوالہ : ۲ ، ۱۷) -

۱۸۵ - نئی تنقید : رچرڈز ، آئی - اے و دیگر ، مرتبہ : صدیق کلیم و ظہور الحق شیخ ، لاہور : مولدھی ٹرانسلیشن سوسائٹی گورنمنٹ کالج ، ۱۹۶۹ء ، تنقید : آئی - اے رچرڈز ، ایف - آر لیوس ، کرسٹوفر کارڈویل ، ماڈ باڈکن ، ولیم ایمپسن ، ایلن ٹیٹ ، ایڈمنڈ ولسن وغیرہ متعدد ناقدین کے مضامین کا ترجمہ - آخر میں اصطلاحات دی گئی ہیں (حوالہ : ۲ ، ۱۱) -

۱۸۶ - واشنگٹن اروِنگ : لوئیس ، میری ، ترجمہ : میرزا ادیب ،

لاہور: شیخ غلام علی اینڈ سنز بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، شخصیت اور فن : انگریزی سے ترجمہ ۔ اصل کتاب امریکہ سے شائع ہوئی (حوالہ : ۲ ، ۱۷) ۔

۱۸۷ ۔ **والٹ وٹمین** : چیز ، رچرڈ ، ترجمہ : سجاد حارث ، لاہور : مکتبہ میری لائبریری بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، فن اور شخصیت: تنقیدی کتاب کا انگریزی سے ترجمہ (حوالہ: ۲ ، ۱۷) ۔

۱۸۸ ۔ **ورڈز ورتھ اور اس کی شاعری** : ورڈز ورتھ ، ولیم ، انتخاب و ترجمہ ، میر حسن ، مولوی ، حیدر آباد دکن : ادارۂ ادبیات اردو ، مکتبہ ابراہیمیہ مشین پریس ، س ۔ ن ، تنقید مع ترجمہ : اس کتاب میں مولوی میر حسن نے ولیم ورڈز ورتھ کی تقریباً تمام اہم نظموں کا نثری ترجمہ پیش کر دیا ہے (حوالہ : ۲) ۔

۱۸۹ ۔ **ولیم فاکنر** : اوکنر ولیم وان ، ترجمہ : محمد سلیم الرحمان ، لاہور : میری لائبریری بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، ۱۹۶۵ء ، شخصیت اور فن : تعارفی کتابچے کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۷) ۔

۱۹۰ ۔ **ہرمن میلول** : ہاورڈ ، لی آن ، ترجمہ : محمد عثمان ، پروفیسر ، لاہور: شیخ غلام علی اینڈ سنز بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، شخصیت اور فن : انگریزی سے ترجمہ ۔ اصل کتاب امریکہ سے شائع ہوئی (حوالہ : ۲ ، ۱۷) ۔

۱۹۱ ۔ **ہلاکہ فریب** : کرانسکی ، میکمنلڈ ، ترجمہ : جعفر علی خان اثر ، دہلی : کتابی دنیا لمیٹڈ ، تنقید : 'آن ڈیوائن کامیڈی' کا ترجمہ ۔ یہی ترجمہ لاہور سے 'آن ڈیوائن کامیڈی' کے نام سے شائع ہوا (حوالہ : ۱۳ ، ۱٦) ۔

۵

حکایت

حکایت

۱۹۲ - حکایت ڈفرینہ : ڈفرن ، لارڈ ، ترجمہ : رتن ناتھ سرشار ، پنڈت ، نام مطبع و سنہ اشاعت نا معلوم ، حکایت : رام بابو سکسینہ نے اس ترجمے کو 'Letter from High Latitude' کا ترجمہ بتایا ہے - چکبست کے مضامین ، نولکشور پریس کی فہرستیں اور جوبلی پرنٹنگ ورکس سے متعلق معلومات اس ترجمے کے باب میں خاموش ہیں (حوالہ : ۲) -

۱۹۳ - حکایات پنجاب (تین جلدیں) : ٹمپل ، آر - سی ، ترجمہ : عبدالرشید، میاں ، لاہور : مجلس ترقی ادب ، ۱۹۶۲ء ، ص : ۳۸۷ حکایات : (حوالہ : ۲ ، ۵ ، ۱۱) -

۱۹۴ - حکایات گاندھی : گاندھی ، مہاتما ، ترجمہ : حامد اللہ افسر ، دہلی : سنگم کتاب گھر ، ۱۹۵۳ء ، حکایات : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۱۹۵ - حکایات لقمان : لقمان ، حکیم ، ترجمہ : نظام الدین ، بمبئی : نام مطبع ندارد ، ۱۸۴۴ء ، حکایات : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲) -

۱۹۶ - حکایات لقمان : لقمان ، حکیم ، ترجمہ : محبوب عالم ، لاہور : پیسہ اخبار ، ۱۸۹۳ء ، حکایات : یونانی زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲) -

۱۹۷ - جوہر لقمان : لقمان ، حکیم ، ترجمہ : جیمز ترانسس کارکرن ، مجلس ترقی ادب ، ۱۹۶۰ء ، حکایات : یونانی زبان سے ترجمہ ، نظرثانی : شاہ الفت حسین موسوی (حوالہ : ۲ ، ۳ ، ۱۹) -

٦

داستان

داستان

۱۹۸ ۔ داستان جہنم : دانتے : ترجمہ : قدرت اللہ دہلوی ، دہلی : ساقی بک ڈپو، ڈراما : انگریزی کی معرفت 'Divine Commedia' کا ترجمہ ۔ ایک ترجمہ عزیز احمد کا 'طربیہ' خداوندی' کے نام سے ملتا ہے (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۱۹۹ ۔ داستان سرائے : ترجمہ : صادق الخیری ، کراچی : شہناز بک ڈپو کتاب ، داستان/ناول/افسانہ/ڈراما/کہانی/خطوط/ آپ بیتی کا انتخاب ۔ انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۱۶) ۔

۲۰۰ ۔ دختر وزیر : ہملس ، مس ، ترجمہ : ن ۔ ن ، گجرات : صوفی منڈی بہاؤ الدین ، س ۔ ن ، داستان : انگریزی سے ترجمہ ، ۱۹۲۳ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۱ ، ۲) ۔

۲۰۱ ۔ طربیہ' خداوندی (دو جلدیں) : دانتے ، ترجمہ : عزیز احمد ، دہلی : انجمن ترقی اردو (ہند) ، طبع اول : ۱۹۴۳ء ، داستان : 'Inferno : Divine Commedia' کا جرمن زبان سے براہ راست ترجمہ مع مقدمہ و حواشی ۔ انجمن نے دوسری بار کراچی سے ۱۹۶۰ء میں شائع کیا (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۶) ۔

۷

ڈراما

ڈراما

۲۰۲ - آبشار : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : احمد حسین خان ، لاہور : فیروز سنز لمیٹڈ (پاکستان) ، س - ن ، افسانے : شیکسپیئر کے ۱۶ ڈراموں کا افسانوی روپ (حوالہ : ۲ ، ۱۶) -

۲۰۳ - اتھیلو : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : سجاد ظہیر ، دہلی : ساہتیہ اکیڈمی ، ۱۹۶۸ء ، ص : ۱۶۸ ، ڈراما : 'Othelo' کا نہایت عمدہ ترجمہ (حوالہ : ۹ ، ۱۵) -

۲۰۴ - آر - یو - آر : چپیک ، کیرل ، ترجمہ : امتیاز علی تاج و پطرس بخاری ، لاہور : مجلس ترقی ادب ، ۱۹۶۷ء ، ڈراما : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۳ ، ۱۶) -

۲۰۵ - آغاز ہستی : شا ، جارج برنارڈ ، ترجمہ : مجنوں گورکھپوری ، گورکھپور : ایوان اشاعت ، س - ن ، ص : ۴۷ ، ڈراما : یہ ترجمہ اول اول رسالہ نگار جنوری - فروری ۱۹۲۷ء میں طبع ہوا- یہ 'Back to Mathew Cila' کا ترجمہ ہے (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۲۰۶ - آہنی پردہ : ہٹن ، رچرڈ ، ترجمہ : بدر جہاں آرا ، نام مطبع و سنہ ندارد ، ڈراما : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۲۰۷ - آئندہ ایام : پرسٹیلے ، جے - بی ، ترجمہ : محمد خلیق ، نئی دہلی : مکتبہ جامعہ ملیہ ، ۱۹۵۷ء ، ڈراما : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۹) -

۲۰۸ - آئینہ دل فروش : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : مرزا نظیر بیگ نظیر اکبر آبادی ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۸ء ، ڈراما : 'The Merchant of Venice' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۲۰۹ - آئینہ عصمت : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : لالہ دینا ناتھ ، لاہور : حکیم رام کرشن ، ۱۹۱۰ء ، ص : ۳۷ ، ڈراما : 'Cymbeline' کا ترجمہ (حوالہ : ۱۲ ، ۱۳) -

۲۱۰ - ابراہام لنکن : شیروڈ ، رابرٹ ، ترجمہ : خلیل صحافی ، کراچی : اردو اکیڈمی سندھ ، ۱۹۵۷ء ، ڈراما : تین ایکٹ کا ڈراما ، انگریزی سے ترجمہ - اس ڈرامے کا اولین ترجمہ نور الہی محمد عمر نے کیا تھا (حوالہ : ۲ ، ۱۱ ، ۱۶) -

۲۱۱ - ابوالخمر : ٹالسٹائی ، لیو ، ترجمہ : مجنوں گورکھپوری ، لکھنؤ : یونائیٹڈ انڈیا پریس ، س - ن ، ڈراما - روسی زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ ۱۹۴۷ء سے قبل شائع ہوا - یہ ترجمہ پہلی بار 'نگار' دسمبر ۱۹۲۷ء میں شائع ہوا - نگار کے ۳۸ صفحات (حوالہ : ۲ ، ۷) -

۲۱۲ - اخبار لویس : سموتوف ، ترجمہ : عبداللہ ملک ، لاہور : قومی دارالاشاعت پنجاب ، ڈراما : روسی ڈراما کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۲۱۳ - اولسٹ : آسکر وائلڈ ، ترجمہ : مجنوں گورکھپوری ، لاہور : آئینہ ادب ، س - ن ، ڈراما : 'The Importance of being Earnest' کا ترجمہ - گورکھپور سے پہلی بار ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا - ایک ترجمہ تمکین کاظمی کا بھی ملتا ہے (حوالہ ، ۲ ، ۱۱) -

۲۱۴ - اسلحہ اور انسان : شا ، جارج برنارڈ ، ترجمہ : ابو یوسف ، گیا : اثر پبلی کیشنز ، ۱۹۸۱ء ، ص : ۱۴۳ ، 'Arms and the Man' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۲۱۵ - اینٹی گونی : سوفو کلیز ، ترجمہ : قیصر زیدی ، نئی دہلی : مکتبہ

جامعہ لمیٹڈ ، جامعہ نگر ، ۱۹۸۳ء ، ڈراما ؛ قدیم یونان کے عظیم ادب پارے کا انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۹) ۔

۲۱۶ - انٹنی اور کلوپٹرا : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : مجیب الرحمان ، ڈاکٹر ، دہلی : مکتبہ جامعہ ملیہ ، ڈراما ؛ 'Antony and Cleopatara' کا ترجمہ ۔ ۱۹۸۰ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۲) ۔

۲۱۷ - انطونی و کلاپطرا : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : عنایت اللہ دہلوی ، دہلی : ساقی بک ڈپو ، ڈراما ؛ 'Antony and Cleopatra' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

۲۱۸ - انٹونی اور کلوپٹرا : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : شان الحق حقی ، دہلی : ساقی دہلی ، بابت : ۱۹۳۳ء ، ڈراما : 'Antony and Cleoptra' کا ترجمہ ، پابند نظم میں کیا گیا ہے ۔ مشمولہ 'تار پیراہن' از شان الحق حقی (حوالہ : ۲) ۔

۲۱۹ - انجام بخیر تو سب کچھ بخیر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : احسان اللہ ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۰ء ، ڈراما : 'All's Well that ends Well' کا اردو میں اولین ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲) ۔

۲۲۰ - انسان کی زندگی : آندریف ، ترجمہ : ابو سعید قریشی ، لاہور : مکتبہ اردو، ۱۹۴۴ء ، ص : ۱۲۵ ، ڈراما ؛ دوسری بار چودھری اکیڈمی لاہور نے شائع کیا (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۲۲۱ - انسپکٹر جنرل : گوگول ، ترجمہ : ن ۔ ن ، اسلام آباد : ادارۂ ثقافت پاکستان ، ۱۹۸۲ء ، ڈراما ؛ انگریزی زبان کی معرفت ترجمہ ۔ اس ڈرامے کا اولین ترجمہ گورنمنٹ کالج لاہور کی سوندھی ڈرانسلیشن سوسائٹی سے شائع ہوا تھا (حوالہ : ۲ ، ۱۶) ۔

۲۲۲ - انصاف : گالز وردی ، جان ، ترجمہ : دیا نرائن نگم ، منشی ، الہ آباد : ہندوستانی اکیڈمی ، ۱۹۳۹ء ، ڈراما : 'Justice' کا ترجمہ ۔ ایک ترجمہ قاسم محمود کا بھی ملتا ہے جو ۱۹۵۹ء میں

لاہور سے شائع ہوا ، لفظوں کے الٹ پھیر سے ترجمہ اپنا بنا نے کی کوشش کی گئی ہے (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۲۲۳ ۔ انصاف : گالز ورذی ، جان ، ترجمہ : قاسم محمود ، سید ، لاہور : مکتبہ کائنات ، ۱۹۵۹ء ، ص : ۲۷۲ ، ڈراما : 'Justice' کا ترجمہ ۔ اصل ترجمہ منشی دیا نرائن نگم کا ہے جو ۱۹۳۹ء میں ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد نے شائع کیا تھا (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۲۲۴ ۔ انگریزی ڈرامے : ترجمہ : مترجمین دہلی کالج ، دہلی : دہلی کالج ، س ۔ ن ، ڈرامے : انگریزی کے منتخب ڈرامے برائے نصاب دہلی کالج ۔ ترجمہ ۱۸۵۷ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۱ ، ۲) ۔

۲۲۵ ۔ اوتھیلو : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : احسان اللہ ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۰ء ، ڈراما : 'Othelo' کا اولین اردو ترجمہ ۔ نیز دیکھیے حوالہ ۲۰۳ (حوالہ : ۲) ۔

۲۲۶ ۔ اوتھیلو : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : منشی جوالا پرشاد برق سیتا پوری ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۶ء ، ڈراما : 'Othelo' کا ترجمہ ۔ مترجم نے وکٹورین عہد کی خصوصیات بتاتے ہوئے ڈرامے کا تاریخی پس منظر بھی بیان کیا ہے ۔ نیز دیکھیے حوالہ نمبر ۲۰۳ (حوالہ : ۲) ۔

۲۲۷ ۔ اوتھیلو : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : گوپال گوئل ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۱۱ء ، ڈراما : 'Othelo' کا ترجمہ ۔ نیز دیکھیے حوالہ نمبر ۲۰۳ (حوالہ : ۲) ۔

۲۲۸ ۔ اوتھیلو عرف چغل خور آلینہ : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : سجاد حسین جوہر بنارسی ، ڈراما : 'Othelo' کا ترجمہ ۔ نیز دیکھیے حوالہ نمبر ۲۰۳ (حوالہ : ۲) ۔

۲۲۹ ۔ اوتھیلو : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : عزیز حامد مدنی ، پشاور : غیر مطبوعہ ، ڈراما : 'Othelo' کا ترجمہ برائے ایڈورڈ کالج پشاور ۔ نیز دیکھیے حوالہ نمبر ۲۰۳ (حوالہ : ۲) ۔

۲۳۰ - **اوتھیلو :** شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : قاسم محمود ، سید ، لاہور :
کلاسیک دی مال لاہور ، س ـ ن ، ص : ۲۷۱ ، ڈراما ؛
'Othelo' کا ترجمہ نیز دیکھیے حوالہ نمبر ۲۰۳ (حوالہ : ۲) ۔

۲۳۱ - **اوتھیلو :** شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : مفتی اشتیاق حسن عثمانی ،
پشاور : نام مطبع ندارد ، ڈراما : 'Othelo' کا ترجمہ : نیز
دیکھیے حوالہ نمبر ۲۰۳ (حوالہ : ۲) ۔

۲۳۲ - **ایڈی پس :** سوفو کلیز ، ترجمہ : شاہدہ حمید خان ، لاہور :
شاہکار کتاب نمبر ۸ جیبی سلسلہ پوسٹ بکس نمبر ۱۷۵۳ ،
ڈراما : ۴۹۵ قبل مسیح کے یونانی ڈراما نگار کی عظیم تخلیق کا
انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ ۲) ۔

۲۳۳ - **ایک جام میں :** تارکنگٹن ، بوتھ ، ترجمہ : عشرت رحمانی ،
لاہور : مکتبہ جدید بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، ۱۹۶۱ء ،
ص : ۷۶ ، ڈراما ؛ انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ،
۱۱ ، ۱۷) ۔

۲۳۴ - **ایک لڑکی چار تابوت :** لوئے ، ڈرو ، ترجمہ : طارق علی صابر ،
لاہور : المحراب ، س ـ ن ، ڈراما ؛ انگریزی کی معرفت ترجمہ
(حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۲۳۵ - **بارھویں رات :** شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : مسعود پرویز ،
لاہور : غیر مطبوعہ ، ڈراما ؛ 'Twelfth Night' کا ترجمہ ۔
مسز نجم الدین کی فرمائش پر فلمساز ، اداکار ، ہدایت کار مسعود
پرویز نے کنیئرڈ کالج لاہور کے سٹیج کے لیے کیا (حوالہ : ۲) ۔

۲۳۶ - **بارھویں رات یا جو آپ چاہیں :** شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ :
شریف الدین شہاب ، کراچی : نام مطبع ندارد ، طبع اول :
۱۹۵۵ء ، ڈراما ؛ 'Twelfth Night' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

۲۳۷ - **بچوں کا شیکسپیئر :** شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : پنجاب بک ڈپو ،
لاہور : پنجاب بک ڈپو ، س ـ ن ، ڈرامے : شیکسپیئر کے اہم

ڈراموں پر کتابچے (بچوں کے لیے) (حوالہ: ۱۰، ۱۱)۔

۲۳۸۔ بخیل: مولیئر، ترجمہ: نور النبی محمد عمر، نام مطبع ندارد، ۱۹۰۹ء، ڈراما: طربیہ ڈراما ترجمہ ہوکر ۱۹۰۹ء میں منظر عام پر آیا۔ تفصیلات کے لیے دیکھیے ماہنامہ 'اردو' انجمن ترقی اردو بابت اکتوبر ۱۹۵۶ء (حوالہ: ۲، ۵)۔

۲۳۹۔ بدمزاج کا سر کرنا: شیکسپیئر ولیم، ترجمہ: احسان اللہ، مولوی، نام مطبع ندارد، ۱۸۹۰ء، ڈراما: 'The Taming of the Shrew' کا اولین ترجمہ (حوالہ: ۲)۔

۲۴۰۔ بزم فانی عرف گلنار فیروز: شیکسپیئر، ولیم، ترجمہ: مہدی حسن خاں احسن لکھنوی، لاہور: نام مطبع ندارد، طبع اول: ۱۸۹۸ء، ڈراما: 'Romeo & Juliet' کا ترجمہ دوسری بار لاہور ہی سے ۱۹۰۲ء میں طبع ہوا۔ 'ہمایوں' جولائی ۱۹۳۴ء کے صفحہ ۵۲۵ پر تبصرہ موجود ہے (حوالہ: ۲)۔

۲۴۱۔ بزم فانی: شیکسپیئر، ولیم، ترجمہ: آغا حشر کاشمیری، دہلی: نام مطبع ندارد، ۱۹۰۰ء، ڈراما: 'Romeo and Juliet' کا ترجمہ (حوالہ: ۲)۔

۲۴۲۔ بزم فانی عرف گلنار فیروز: شیکسپیئر، ولیم، ترجمہ: محمد افضل ہمدم، نام مطبع ندارد، ۱۹۰۷ء، ڈراما: 'Romeo and Juliet' کا ترجمہ (حوالہ: ۱، ۲)۔

۲۴۳۔ بزم فانی عرف دھوکا دھڑی: شیکسپیئر، ولیم، ترجمہ: عبدالغنی خلیل بدایونی، نام مطبع و سنہ ندارد، ڈراما "رومیو جولیٹ" کا ترجمہ۔ ۱۳۹۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ: ۱، ۲، ۳)۔

۲۴۴۔ بگڑے دل: مولیئر، ترجمہ: نور النبی محمد عمر، نام مطبع و سنہ ندارد، ڈراما: فرانسیسی ڈرامے کا ترجمہ، ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا۔ فرانسیسی ڈرامے کا نام ہے 'Le Misanthrope' (حوالہ: ۲، ۵)۔

۲۴۵۔ بھول چوک: شیکسپیئر، ولیم، احسان اللہ، نام مطبع ندارد،

طبع اول : ۱۸۹۰ء ، ڈراما : 'The Comedy of Errors' کا اولین اردو ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲ ، ۵) -

۲۴۶ - بھول بھلیاں : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : فیروز شاہ خاں ، گورکھ پور : نام مطبع ندارد ، ۱۸۹۶ء ، ڈراما : 'The Comedy of Errors' کا ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲ ، ۵) -

۲۴۷ : بھول بھلیاں : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : مرزا نظیر بیگ نظیر اکبر آبادی ، نام مطبع ندارد ، ۱۸۹۶ء ، ڈراما : 'The Comedy of Errors' کا ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲ ، ۵) -

۲۴۸ - بھول بھلیاں : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : لالہ سیتا رام الہ آبادی مراد آباد : نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۶ء ، ڈراما : 'The Comedy of Errors' کا ترجمہ - لالہ سیتا رام ، اسسٹنٹ انسپکٹر مدارس الہ آباد کا یہ ترجمہ زبان و بیان پر قدرت نہ ہونے کے سبب شیکسپیئر کا اچھا تاثر پیش نہیں کرتا - دوسری بار الہ آباد سے طبع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۵) -

۲۴۹ - بھول بھلیاں : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : محمد افضل خاں ہمدم ، لاہور : چمن داس ، ۱۹۱۰ء ، ص : ۲۸ ، ڈراما : 'The Comedy of Error' کا ترجمہ - دوسری بار ۱۹۲۱ء میں طبع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۱۲ ، ۱۶) -

۲۵۰ - بھول بھلیاں : شیکسپیئر ، ولیم : ترجمہ : عبدالکریم ، نام مطبع ندارد ، ۱۹۱۳ء ، ڈراما : 'The Comedy of Errors' کا ترجمہ (حوالہ : ۹ ، ۱۲) -

۲۵۱ - بھول بھلیاں : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : شفی بدایونی ، ڈراما : 'The Comedy of Errors' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۲۵۲ - بھید : شاہ ، جارج برنارڈ ، ترجمہ : نور الحسن ہاشمی ، لکھنؤ : نسیم بک ڈپو ، ۱۹۵۳ء ، ڈراما : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۲۵۳ - پتوار : ترجمہ : پریمی ، پری کرشن ، لاہور : گیلانی الیکٹرک پریس ، ۱۹۳۳ء ، ڈراما : انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۷) -

۲۵۴ - پروین و ثریا : میٹر لنک ، مارس ، ترجمہ : شاہد احمد دہلوی ، دہلی : ساقی بک ڈپو ، ڈراما : 'Agledin and Celiset' کا ترجمہ ۱۹۳۳ء کے لگ بھگ شائع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۵) -

۲۵۵ - پسند خاطر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : ولایت حسین ، لکھنؤ : اشاعت العلوم ، ۱۹۲۷ء ، ص : ۱۳۰ ، ڈراما : 'As you Like it' کا ترجمہ - اس ڈرامے کے دیگر ترجموں میں احسان اللہ ، بیتاب ، چرن داس ، سعید الحق اور عبدالعزیز خالد کے تراجم ملتے ہیں (حوالہ : ۲ ، ۳) -

۲۵۶ - پھول بن : چیخوف ، ترجمہ : مخدوم محی الدین ، نام مطبع و سنہ ندارد ، ڈراما : 'The Cherry Orchard' کا روسی زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۵) -

۲۵۷ - پیارا پالتو : میری چیز ، ترجمہ : کمال احمد رضوی ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، ص : ۱۳۶ ، ڈراما : امریکی ڈرامے کا انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۷ ، ۱۷) -

۲۵۸ - پیکار : گالز وردی ، جان ، ترجمہ : باری علیگ ، ڈراما : 'اسٹرائف' کا ترجمہ - جس میں سرمایہ داری سے فسادات کو افشا کیا گیا ہے - ترجمہ : ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۳) -

۲۵۹ - پیلی یاس و میلی ساند : میٹرلنک ، مارس ، ترجمہ : تمنائی ، دہلی : پنجاب بک ڈپو ، س - ن ، ڈراما : بلجیم کے ڈراما نگار کی حزنیہ تمثیل کا ترجمہ - ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۳ ، ۱۷) -

۲۶۰ - تاج : ترجمہ : ن - ن ، لکھنؤ : مکتبہ اردو ، ۱۹۵۵ء ، ص : ۳۳ ، ڈراما : فرانسیسی ڈرامے کا عربی کی معرفت ترجمہ (حوالہ : ۹) -

۲۶۱ - تاجدار جوگن : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : عبداللطیف شاد ، نام مطبع ندارد ، ۱۹۲۲ء ، ڈراما : 'Romeo and Juliet' کا ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲) -

۲۶۲ - تاجر وینس : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : نثر محمد ابن فتح علی ، بمبئی : نام مطبع ندارد ، ۱۸۸۳ء ، ڈراما : 'The Merchant of Venice' کا ترجمہ جسے بمبئی کے گورنر سر جیمز فرگوسن کے نام معنون کیا گیا ہے (حوالہ : ۲) -

۲۶۳ - تسخیر فرانس : شیکسپیئر، ولیم ترجمہ : تفضل حسین اثر ، سید ، لکھنؤ : الناظر پریس ، امین آباد ، طبع اول : ۱۹۱۳ء ، ص : ۹۹ ، ڈراما : 'Henry V' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۳) -

۲۶۴ - تلاطم ایران : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : سہراب جی پستن جی کانگا ، حیدر آباد دکن : انوار الاسلام پریس ، طبع اول : ۱۹۳۱ء ص : ۱۰۳ ، ڈراما : 'Macbeth' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۸) -

۲۶۵ - تیر نگاہ : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : شفیع الدین خان مراد آبادی ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۷ء ، ڈراما : 'The Tempest' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۲۶۶ - تیغ ستم : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : جمشور پرشاد ، پنڈت ، لاہور : نرائن دت سہگل ، س ۔ ن ، ڈراما : (حوالہ : ۷) -

۲۶۷ - تین بہنیں : چیخوف ، ترجمہ : محمد سلیم الرحمان ، لاہور : مجلس ترقی ادب ، ۱۹۷۶ء ، ڈراما : انگریزی کی معرفت ترجمہ (حوالہ: ۲ ، ۳ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۲۶۸ - جارج برنارڈ شاہ ایک نظر میں : مؤلف ، مرتب و مترجم : انصاری ، ظ ، دہلی : مکتبہ برہان ، اردو بازار ، طبع اول : ۱۹۵۱ء ، ڈراما : برنارڈ شا کی سوانح مع چار ڈراموں کا ترجمہ (حوالہ : ۱۲ ، ۱۳ ، ۱۶) -

۲۶۹ - جام الفت : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : محمد اظہر علی آزاد ، کاکوروی ، علی گڑھ : بک ڈپو مدرسۃ العلوم ، ۱۹۰۳ء ، ص :

۱۲۸ ؛ ڈراما : 'A Midsummer Night's Dream' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۲۷۰ - جام الفت : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : لالہ سیتا رام ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۶ء ، ڈراما : 'Much Ado About Nothing' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۲۷۱ - جام الفت : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : فانی بدایونی ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۳۱ء ، ڈراما : 'Much Ado About Nothing' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۲۷۲ - جان ظرافت : مولیئر ، ترجمہ : نور الہی محمد عمر ، نام مطبع و سنہ ندارد ، ڈراما : فرانسیسی کے طربیہ ڈرامے سے ماخوذ اور ترجمہ ، ۱۹۳۳ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۵) -

۲۷۳ - جاہ و جلال : چیپک ، کیرل ، ترجمہ : غلام مصطفی تبسم ، صوفی ، لاہور : گورنمنٹ کالج ڈرامیٹک کلب ، ۱۹۳۰ء ، ص : ۱۵۹ ، ڈراما : انگریزی کے 'Power and Glory' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۲۷۴ - جرم و سزا : دوستو فسکی ، ترجمہ : نہال احمد رضوی ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، ص : ۲۳۲ ، ڈراما : 'Crime and Punishment' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۷) -

۲۷۵ - جعفر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : احمد حسین خان ، لاہور : پیسہ اخبار لاہور ، طبع اول : ۱۸۹۵ء ، ڈراما : 'Othelo' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۲۷۶ - جمنا : ترجمہ : کیشرور چٹرجی ، نام مطبع ندارد ، ۱۹۳۳ء ، ڈراما : (حوالہ : ۷) -

۲۷۷ - جمہور دشمن : ابسن ، ہنرک ، ترجمہ : محمد صفدر ، لاہور : ویسٹ پاک پبلشنگ کمپنی ، س - ن ، ڈراما : 'The Enemy of the People' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۲۷۸ - جمیل (اُرنسٹ) : آسکر وائلڈ ، ترجمہ : تمکین کاظمی ، لاہور : نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۲۸ء ، ڈراما : 'The Importance of Being Earnest' کا ترجمہ - اس ڈرامے کا ایک ترجمہ مجنوں گورکھپوری نے بھی کیا تھا - ڈاکٹر محمد دین تاثیر نے 'مخزن' افسانہ نمبر اگست ، ستمبر ۱۹۲۹ء میں اس ترجمے پر اظہار خیال کیا تھا - آئینہ ادب لاہور نے دوسری بار ۱۹۵۷ء میں ۱۱۲ صفحات کی ضخامت میں شائع کیا (حوالہ : ۲ ، ۳ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۲۷۹ - جنون وفا : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : عبداللطیف شاد ، اے - بی ، نام مطبع ندارد ، ۱۹۰۰ء ، ڈراما : 'Titus & Ronicus' اور 'Romeo and Juliet' دونوں کو ملا دیا گیا ہے - ڈاکٹر نامی نے اسے اول الذکر ڈرامے کا ترجمہ بتایا ہے (حوالہ : ۲ ، ۹ ، ۱۲ ، ۱۳) -

۲۸۰ - جو آپ پسند کریں : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : بیتاب ، نرائن پرشاد ، بمبئی : ماہنامہ 'شیکسپیئر' جون تا اکتوبر ۱۹۰۶ء ، ڈراما : 'As you Like it' کا ترجمہ - اس ڈرامے کو احسان اللہ ، ولایت حسین ، عبدالعزیز خالد اور سعیدالحق دسنوی نے بھی ترجمہ کیا ہے (حوالہ : ۲) -

۲۸۱ - جوان بخت : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : نوشیروان جی مہربان جی آرام ، ڈراما : 'The Merchant of Venice' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۲۸۲ - جولیس سیزر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : سید تفضل حسین ، حیدر آباد دکن : اختر دکن پریس ، افضل گنج ، ۱۹۲۳ء ، ڈراما : یہ ترجمہ نواب دکن کی فرمائش اور سرپرستی کے تحت شائع ہوا - کتاب میں حیدر علی نظم طباطبائی اور مولانا وحید الدین سلیم کے دیباچے شامل ہیں - 'Julius Ceasar' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۲۸۳ - جولیس سیزر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : عنایت اللہ دہلوی ، ڈراما : 'Julius Caesar' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۲۸۴ - جولیس سیزر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : شمشاد حسین صدیقی ، نام مطبع و سنہ ندارد ، ڈراما : 'Julius Caesar' کا ترجمہ (حوالہ : ۹ ، ۱۳) -

۲۸۵ - جولیس سیزر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : سید فیض ، لاہور : مکتبہ کارواں ، ڈراما : 'Julius Caesar' کا منظوم و منثور ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۲۸۶ - جولیس سیزر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : واسط سلیم صدیقی ، راولپنڈی : قلمی/غیر مطبوعہ برائے ریڈیو راول پنڈی ، ڈراما : 'Julius Caesar' کا ترجمہ - راولپنڈی ریڈیو کے لیے کیا گیا - یہ نثری ترجمہ ہے جس میں ڈرامے کی تلخیص کر دی گئی ہے (حوالہ : ۲) -

۲۸۷ - جولیس سیزر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : حفیظ جاوید ، راولپنڈی : قلمی/غیر مطبوعہ برائے ریڈیو ، ڈراما : 'Julius Caesar' کا نثری ترجمہ جس میں ڈرامے کی تلخیص کردی گئی ہے (حوالہ : ۲) -

۲۸۸ - جولیس سیزر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : غلام مصطفیٰ ، پشاور : یونیورسٹی بک ایجنسی ، ڈراما : 'Julius Caesar' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۲۸۹ - جیسے کو تیسا : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : احسان اللہ ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۰ء ، ڈراما : 'Measure for Measure' کا ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲) -

۲۹۰ - جالد شاہ سود خور : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : ن - ن ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۵ء ، ڈراما : 'The Merchant of Venice' کا ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲) -

۲۹۱ - چترا : ٹیگور ، رابندر ناتھ ، ترجمہ : عبدالمجید سالک ، مولانا ،

حیدر آباد دکن : شمس المطابع ، ۱۹۲۰ء : ڈراما : بنگلہ زبان سے انگریزی کی معرفت ترجمہ ۔ طبع دوم : دارالاشاعت پنجاب لاہور ۱۹۲۶ء ۔ اس ڈرامے کا ایک ترجمہ اس ترجمے سے پہلے شائع ہو چکا تھا مترجم تھے آصف علی ۔ (حوالہ : ۲ ، ۸) ۔

۲۹۲ ۔ چترا : ٹیگور ، رابندر ناتھ ، ترجمہ : آصف علی ، دہلی : مشمولہ رسالہ 'تمدن' دہلی ، ۱۹۲۶ء ، ڈراما : انگریزی کے اس ڈرامے کا اولین ترجمہ ۔ دوسرا ترجمہ مولانا عبدالمجید سالک نے اسی نام سے کیا تھا جو ۱۹۲۶ء میں ہی شائع ہوا ۔ بقول سالک ، آصف علی کا ترجمہ "عرق آمیز ، ٹھوس اور بے جان ہے" ۔ بحوالہ 'سرگزشت' مطبوعہ قومی کتب خانہ ریلوے روڈ لاہور ۱۹۶۶ء ، ص : ۶۳ ، (حوالہ : ۲) ۔

۲۹۳ ۔ حسن آرا : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : ن ۔ ن ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۰ء ، ڈراما : 'All's Well that ends Well' کا ترجمہ ۔ اس ترجمے کا حوالہ ڈاکٹر سید بادشاہ حسین نے دیا ہے ۔ یہ کھیل پارسی کمپنی بمبئی نے ۱۹۰۰ء میں سٹیج کیا (حوالہ : ۲) ۔

۲۹۴ ۔ حشرات الارض : البسن ، ہنرک ، ترجمہ : فضل الرحمان ، اردو ترجمہ ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۵) ۔

۲۹۵ ۔ حشر پداماں : لورا ، کلی فورڈ بارنے ، ترجمہ : صادق الخیری ، کراچی : شہناز بک ڈپو کلب ، طبع اول : ۱۹۸٦ء ، ص : ۱۵۳ ، ڈراما : قرۃ العین طاہرہ کے عروج و زوال کی المیہ تمثیل کا فرانسیسی زبان سے ترجمہ (حوالہ : ۱٦) ۔

۲۹٦ ۔ خدا داد : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : پنڈت نرائن دت پرشاد بیتاب ، نام مطبع ندارد ، ڈراما : 'The Tempest' کا ترجمہ ۔ ۱۸۹۱ء سے قبل کیا گیا (حوالہ : ۲) ۔

۲۹۷ ۔ خدا داد : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : کریم الدین کریم بریلوی ، نام مطبع و سنہ ندارد ، ڈراما : 'Pericles' کا ترجمہ ۱۹۲۳ء

سے قبل شائع ہوا ۔ ایک ترجمہ 'داد دریا' کے نام سے نوشیروان جی مہربان جی آرام کا بھی ملتا ہے (حوالہ : ۱ ، ۲) ۔

۲۹۸ ۔ خواب پریشان : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : ماہر احمد علوی ، لکھنؤ : اودھ پنچ اخبار پریس ، ۱۹۳۳ء ، ڈراما : 'A Mid-Summer Night's Dream' کا ترجمہ پہلی بار اودھ پنچ اخبار لکھنؤ میں ۱۶ اگست ۱۹۰۰ء تا ۲۲ نومبر ۱۹۰۰ء تک قسط وار شائع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۵) ۔

۲۹۹ ۔ خوش انجام : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : سعیدالحق عاشق دسنوی ڈراما : 'Twelfth Night' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

۳۰۰ ۔ خوش حال نگر : ترجمہ : ن ۔ ن ، لاہور : قومی کتب خانہ ، ۱۹۳۸ء ، ڈراما : (حوالہ : ۷) ۔

۳۰۱ ۔ خون ناحق عرف ہیملٹ : شیکسپیئر ولیم ، ترجمہ : تلسی داس دت شیدا ، لاہور : دیال سنگھ پبلشرز ، طبع اول : ۱۹۱۲ء ، ص : ۲۲ ، ڈراما : 'Hamlet' کا ترجمہ (حوالہ : ۱۰ ، ۱۲) ۔

۳۰۲ ۔ خون ناحق عرف مار آستین : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : مہدی حسن خان احسن لکھنوی ، ڈراما : 'Hemlet' کا ترجمہ ۱۹۳۴ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۲) ۔

۳۰۳ ۔ داد دریا : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : نوشیروان جی مہربان جی آرام ، نام مطبع ندارد ، ۱۸۵۱ء ، ڈراما : 'Pericles' کا ترجمہ ایک ترجمہ 'خدا داد' کے نام سے کریم الدین کریم بریلوی کا بھی ملتا ہے ۔ آرام کا یہ ترجمہ کتابی صورت میں شائع ہونے والا شیکسپیئر کا اولین ترجمہ ہے (حوالہ : ۱ ، ۲) ۔

۳۰۴ ۔ داؤ پیچ : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : ن ۔ ن ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۲ء ، ڈراما : 'King John' کا ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲) ۔

۳۰۵ ۔ دربائی خاتون : ابسن ، ہنرک ، ترجمہ : شیدا محمد ، حیدر آباد دکن ، تاج پریس ، ڈراما : تلخیص و ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۸) ۔

۳۰۶۔ دغا باز : گولدونی ، کارلو ، ترجمہ : کمال احمد رضوی ، لاہور : مکتبہ میری لائبریری بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، ۱۹۶۰ء ، ص : ۱۱۲ ، ڈراما : 'The Liar' کا ترجمہ۔ اصل کتاب امریکہ سے شائع ہوئی (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۷)۔

۳۰۷۔ دل پذیر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : چرن داس ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۱ء ، ڈراما : 'As you Like it' کا ترجمہ۔ اس ڈرامے کا اولین ترجمہ احسان اللہ نے 'قصہ مرغوب طبع' کے نام سے کیا تھا۔ دیگر تراجم میں ولایت حسین ، بیتاب ، عبدالعزیز خالد اور سعید الحق عاشق دسنوی کے ترجمے ملتے ہیں (حوالہ : ۲)۔

۳۰۸۔ دل فروش : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : مہدی حسن خان احسن لکھنوی ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۰ء ، ڈراما : 'Merchant of Venice' کا ترجمہ جس میں مغربی فضاء کو مشرق کرداروں کو مسلمان ظاہر کیا گیا ہے (حوالہ : ۲)۔

۳۰۹۔ دل فروش عرف یہودی سوداگر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : افسون شاہجہان پوری ، اکبر علی خان ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۸ء ، ڈراما : 'The Merchant of Venice' کا ترجمہ (حوالہ : ۲)۔

۳۱۰۔ دی ونٹرز ٹیل : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : محمد شاہ ، نام مطبع ندارد ، ڈراما : 'The Winter's Tale' کا ترجمہ ۱۹۰۱ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۱ ، ۲)۔

۳۱۱۔ ذرا سے کام کا الٹا طومار : شیکسپیئر ، ولیم : ترجمہ : احسان اللہ ، طبع اول : ۱۸۹۰ء ، ڈراما : 'Much Ado About Nothing' کا اولین اردو ترجمہ (حوالہ : ۲)۔

۳۱۲۔ راکھی : ترجمہ : پریمی ، ہری کرشن ، لاہور : ادارۂ مصنفین اردو محل ، ۱۹۴۳ء ، ڈراما : (حوالہ : ۷)۔

۳۱۳۔ ربط و ضبط عرف بھول بھلیاں : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ :

افسون شاہجہانپوری ، اکبر علی خاں ، نام مطبع ندارد ، ڈراما :
'The Comedy of Errors' کا ترجمہ (حوالہ : ۹ ، ۱۲) -

۳۱۴ - رچرڈ سوم : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : نرائن پرشاد بیتاب ، پنڈت ، طبع اول ۱۹۰۹ء ، بمبئی : ماہنامہ شیکسپیئر ، اکتوبر ۱۹۰۶ء تا جون ۱۹۰۹ء ، ڈراما 'Richard III' کا ترجمہ - اس ڈرامے کے دیگر ترجمے آغا محمد ، محمد شاہ ، آغا حشر کاشمیری اور کیقباد پستن جی نے کیے - کتابی صورت میں ترقی پریس بمبئی سے ۱۹۰۷ء میں طبع ہوا صفحات ۱۵۰ تھے (حوالہ : ۲) -

۳۱۵ - رچرڈ سوم : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : آغا محمد ، نام مطبع و سنہ ندارد ، ڈراما 'Richard III' کا ترجمہ ، تفصیلات کے لیے دیکھیے : 'شیکسپیئر کے اردو تراجم' از خاطر غزنوی ، مطبوعہ اردو نامہ کراچی ، شمارہ ۱۷ (حوالہ : ۲) -

۳۱۶ - رچرڈ سوم : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : محمد شاہ ، نام مطبع و سنہ ندارد ، ڈراما - 'Richard III' کا ترجمہ ، تفصیلات کے لیے دیکھیے : اردو نامہ کراچی ، شمارہ ۱۷ (حوالہ : ۲) -

۳۱۷ - رقیب : شیریڈن ، رچرڈ ، ترجمہ : شمیم قریشی ، محمد - پشاور : عظیم پبلشنگ ہاؤس ، س - ن ، ص : ۱۳۲ ، ڈراما - انگریزی کی معرفت 'The Rivals' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۳۱۸ - روح سیاست : شیروڈ ، رابرٹ ، ترجمہ ، نور الہی محمد عمر ، لاہور : اردو بک سٹال ، ۱۹۳۲ء ، ص : ۱۰۳ ، ڈراما - انگریزی سے 'ابراہام لنکن' کا ترجمہ - اردو کا اولین ایپی سوڈ ڈراما - ایک ترجمہ خلیل صحافی نے بھی کیا ہے 'ابراہام لنکن' کے نام سے (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۲) -

۳۱۹ - رومیو جولیٹ : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : احسان اللہ ، مینجر کرزن لائبریری ، ۱۸۹۰ء ، ڈراما - 'Romeo and Juliet' کا اولین اردو ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲) -

۳۲۰ - رومیو جولیٹ عرف عشق فیروز لقا گلنار میر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : مرزا نظیر بیگ نظیر اکبر آبادی ، نام مطبع ندارد ، طبع اول ۱۳ فروری ۱۹۰۳ء ، ڈراما - 'Romeo and Juliet' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۳۲۱ - رومیو جولیٹ : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : امراؤ سنگھ ، آگرہ : مطبع الٰہی ، ۱۹۱۲ء ، ص: ۳۲ ، ڈراما - 'Romeo and Juliet' کا ترجمہ (حوالہ : ۹ ، ۱۲) -

۳۲۲ - رومیو جولیٹ : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : ن - ف ، دہلی : مشورہ بک ڈپو ، س - ن ڈراما - 'Romeo and Juliet' کا ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲) -

۳۲۳ - رومیو جولیٹ : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : عنایت اللہ دہلوی ، ڈراما - 'Romeo and Juliet' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۳۲۴ - رومیو جولیٹ : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : عزیز احمد ، دہلی : انجمن ترقی اردو (ہند) طبع اول : ۱۹۴۱ء ، ص : ۲۸۵ ، ڈراما - 'Romeo and Juliet' کا ترجمہ مع مقدمہ و حواشی ، اس ترجمے کو انجمن نے کراچی سے ۱۹۶۱ء میں دوبارہ شائع کیا - یہ ترجمہ نظم آزاد میں کیا گیا ہے (حوالہ : ۲ ، ۸ ، ۱۳) -

۳۲۵ - رومیو جولیٹ میکبتھ : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : ستار طاہر ، لاہور : مکتبہ شاہکار ، ۱۹۷۵ء ، ص : ۹۶ ، دو ڈرامے ایک جلد میں (حوالہ : ۵ ، ۱) -

۳۲۶ - زندگی : ماہام سمرسٹ ، ترجمہ : محمد اکبر وفاقانی ، نام مطبع ندارد ، ڈراما - انگریزی سے آزاد ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۵) -

۳۲۷ - زندگی کی مہلت : سرویان ، ولیم ، ترجمہ : رضی ترمذی ، سید - لاہور : شیخ غلام علی بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، ص : ۲۰۳ ، ڈراما - امریکی ڈرامے کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۷) -

۳۲۸ - زہری ناگن عرف داغ جگر : شیکسپیئر ، ولیم - ترجمہ : عبدالغنی خلیل بدایونی ، نام مطبع و سنہ ندارد ، ڈراما -

'The Witner's Tale' کا ترجمہ ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا
(حوالہ : ۳ ، ۱۲) -

۳۲۹ - سالومی : آسکر وائلڈ ، ترجمہ : مجنوں گورکھپوری ، الہ آباد : کتابستان ، ۱۹۲۵ء ، ڈراما - انگریزی کی معرفت ترجمہ - ایک ترجمہ شاہد احمد دہلوی نے بھی کیا تھا (حوالہ : ۲، ۱۰، ۱۱) -

۳۳۰ - سالومی : آسکر وائلڈ ، ترجمہ : شاہد احمد دہلوی ، دہلی : ساقی بکڈپو ، یہ شہرہ آفاق ڈراما پہلے پہل ۱۸۹۶ء میں پیرس (فرانس) میں سٹیج کیا گیا - نیو سٹیج لندن نے ۱۹۰۵ء اور برلن (جرمنی) میں ۱۹۵۱ء میں کھیلا گیا - پلے ہاؤس لاہور (پاکستان) والوں نے مارچ ۱۹۶۱ء میں سٹیج کیا - یہ ترجمہ دوسری بار پیپلز پبلشنگ ہاؤس ، لاہور نے شائع کیا (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۳۳۱ - ساون رین کا سپنا : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : غلام مصطفیٰ تبسم ، صوفی - لاہور : گورنمنٹ کالج ڈرامیٹک کلب ، س - ن ، ڈراما - 'A Mid Summer Night's Dream' کا ترجمہ
(حوالہ : ۲) -

۳۳۲ - سب ٹھاٹ پڑا رہ جائے گا : ہارٹ ، ماس و کافمین ، جارج . ایس ، ترجمہ : کمال احمد رضوی ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، ڈراما - تین ایکٹ کا طربیہ ڈراما - مارٹن وینڈرہوف کے متوسط درجے کے گھرانوں کا احوال اور ان کے جینے کا جتن (حوالہ : ۲ ، ۱۲) -

۳۳۳ - سچی پوجا : ٹیگور ، رابندر ناتھ ، ترجمہ : ن - ن ، لاہور : اردو اکیڈمی (سندھ) س - ن ، ڈراما - بنگلہ ڈرامے کا انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۳۳۴ - سردیوں کی ایک رات : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : آغا بابر ، راولپنڈی: غیرمطبوعہ ڈراما - 'A Mid Summer Night's' کا ترجمہ - ترجمے پر مبنی ڈراما اوپن ائیر تھیٹر راولپنڈی صدر میں سال ۱۹۶۵ء میں کھیلا گیا (حوالہ : ۲) -

۳۳۵ - سفید خون : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : آغا حشر کاشمیری ، کراچی : اردو اکیڈیمی سندھ ، س - ن ، ڈراما - 'King Lear' کا ترجمہ پہلی بار ۱۹۰۶ء میں طبع ہوا (حوالہ : ۲) -

۳۳۶ - سفید خون : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : سردار محمد ، بمبئی : غیر مطبوعہ ، ڈراما - 'King Lear' کا ترجمہ ، مشہور اداکار سردار محمد نے البرٹ کمپنی بمبئی کے لیے کیا تھا (حوالہ : ۲) -

۳۳۷ - سفید خون : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : عبدالغنی خلیل بدایونی ، نام مطبع وسنہ ندارد ، ڈراما - 'King Lear' کا ترجمہ (حوالہ : ۹ ، ۱۲) -

۳۳۸ - سماج کے ستون : ترجمہ : قیسی رامپوری ، بمبئی : کتابستان ، ۱۹۳۳ء ، ڈراما - انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۷) -

۳۳۹ - سمبلین : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : محمد عبدالعزیز ، ڈراما - 'Cymbeline' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۳۴۰ - سیب کا درخت : گالزوردی ، جان ، ترجمہ : قاضی عبدالغفار ، لاہور : آئینہ ادب ، طبع دوم : س-ن ، ڈراما 'The Apple Tree' کا ترجمہ - ایک ترجمہ وشوامتر عادل کا بھی ملتا ہے - اس کتاب کا ایک ترجمہ پطرس بخاری نے بھی اسی نام سے کیا تھا جو رسالہ 'کاروان' میں شائع ہوا (حوالہ : ۷ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۳۴۱ - سیب کا درخت : گالزوردی ، جان ، ترجمہ : وشوامتر عادل ، بمبئی : کتب پبلشرز ، ڈراما - 'The Apple Tree' کا ترجمہ ایک ترجمہ قاضی عبدالغفار کا بھی ملتا ہے (حوالہ : ۱۰ ، ۱۶) -

۳۴۲ - شاہ لیئر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : بابو شیام سندر لال برق وکیل سیتاپوری ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۲۱ء ، ڈراما - 'King Lear' کا منظوم ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۳) -

۳۴۳ - شاہ لیئر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : عنایت اللہ دہلوی ، دہلی : ماہنامہ ساقی دہلی کا سالنامہ ۱۹۳۹ء ، ڈراما - 'King Lear' کا ترجمہ (حوالہ : ۱۲ ، ۱۳) -

۳۴۴ - شب تار : میترلنک ، مارس ، ترجمہ : پریم چند ، منشی - نام مطبع و سنہ ندارد ، ڈراما - بلجیم کے ڈراما نگار کے ایک ڈرامے کا ترجمہ ۱۹۲۰ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۱ ، ۲) -

۳۴۵ - شہزادہ ہیملٹ : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : احسان اللہ - نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۰ء ، ڈراما - 'Hamlet' کا ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲ ، ۵) -

۳۴۶ - شہید ناز عرف اچھوتا دامن : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : آغا حشر کاشمیری - نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۲ء ، ڈراما - 'Measure for Measure' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۳۴۷ - شہید وفا : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : مہدی حسن خان احسن لکھنوی ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۸ء ڈراما - 'Othelo' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۳۴۸ - شہید وفا : سکاٹ (سر) والٹر ترجمہ : عبدالحلیم شرر ، مولانا ، ڈراما - انگریزی سے ترجمہ ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۵) -

۳۴۹ - شیر دل : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : نظر دہلوی ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۸ء ، ڈراما - 'Othelo' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۳۵۰ - شیطان کا غلام : گوئٹے ، جوہن وولف گینگ خان ، ترجمہ : جوالا پرشاد برق ، منشی ، ڈراما - 'Faust' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۵) -

۳۵۱ - شیکسپیئر کی کہانیاں : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : علی سردار جعفری ، بمبئی : کتب پبلشرز ، ڈراما - مشہور انشائیہ نگار چارلس لیمب اور اس کی بہن میری نے یہ کہانیاں شیکسپیئر کے ڈراموں کو بنیاد بنا کر لکھی تھیں ، یعنی مکالموں کو افسانوں میں ڈھالا (حوالہ : ۲) -

۳۵۲ - شیکسپیئر کی کہانیاں : ترجمہ و تلخیص : ڈی - ایس ، پرلیس قریشی ، لکھنؤ : نسیم بکڈپو ، لاٹوش روڈ ، طبع دوم : ۱۹۷۸ء ،

ص : ۱۵۸ ، ڈراما ۔ کتاب میں بارہویں شب ، وینس کا سوداگر ، شاہ لیئر ، رومیو جولیٹ ، پیریکلس ، میکبتھ ، سملین ، طوفان اور اوتھیلو وغیرہ ڈراموں کی تلخیص شامل کی گئی ہے ۔

۳۵۳ ۔ شیکسپیئر کے افسانے : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : خان احمد حسین خان ، لاہور : فیروز سنز لمیٹڈ (پاکستان) س ۔ ن ، ص : ۲۳۶ ، ڈراما ۔ ۱۲ ڈراموں کی تلخیص (حوالہ : ۲ ، ۱۶) ۔

۳۵۴ ۔ صید ہوس : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : آغا حشر کاشمیری ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۶ء ، ڈراما ۔ 'Richard III' کا ترجمہ ۔ اس ڈرامے کے دیگر مترجمین میں بیتاب ، آغا محمد شاہ اور کیقباد پستن جی منشی کے نام ملتے ہیں ۔ اتفاق سے یہ تمام تراجم ۱۹۰۶ء یا اسی کے لگ بھگ ہوئے (حوالہ : ۲) ۔

۳۵۵ ۔ طلوع : ڈور ، شیری ، ترجمہ : کمال احمد رضوی ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز بہ اشتراک مؤسسہ فرینکلن ، ص: ۱۳۳ ، ڈراما ۔ انگریزی سے ترجمہ ، تین ایکٹ کا ڈراما (حوالہ : ۲ ، ۱۷) ۔

۳۵۶ ۔ ظاہر و باطن : شیریڈن ، رچرڈ ، ترجمہ : فضل الرحمان ، محمد ، نام مطبع و سنہ ندارد ، ڈراما ۔ 'سکول فار سکینڈل' سے ترجمہ ، ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۴ ، ۵) ۔

۳۵۷ ۔ ظفر کی موت : میترلنک ، ماریس ، ترجمہ : نور الہی محمد عمر ، لاہور : کریمی پریس ، ۱۹۲۳ء ، ص : ۳۷ ، ڈراما ۔ بلجیم کے ڈراما نگار کا مکمل ڈراما ۔ ۱۹۲۳ء میں اس ترجمے کا دوسرا ایڈیشن رام نگر جموں سے بھی شائع ہوا (حوالہ : ۱ ، ۲ ، ۵ ، ۱۰) ۔

۳۵۸ ۔ ظلم ناروا : شیکسپیئر ، ولیم ۔ ترجمہ : ن ۔ ن ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۹ء ، ڈراما ۔ 'Cymbeline' کا ترجمہ ۔(حوالہ : ۱ ، ۲) ۔

۳۵۹ ۔ عالم محبت : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : راجہ رشید احمد ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۲۸ء ، ڈراما ۔ 'As you Like it' کا ترجمہ : (حوالہ : ۹) ۔

۳۶۰ - عشق قاسم و شیریں عرف اصلی دلفروش : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ: گوہر رامپوری، ڈراما 'The Merchant of Venice' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۳۶۱ - غلط در غلط : گولڈ سمتھ ، اولیور ، ترجمہ : عصمت اللہ بیگ ، نام مطبع ندارد، ۱۹۳۶ء، ڈراما 'She Stops to Conquer' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۳۶۲ - فاؤسٹ : گوئٹے ، جوہن وولف گینگ فان ، ترجمہ : سید عابد حسین ، ڈاکٹر ، اورنگ آباد دکن : انجمن ترقی اردو (ہند) ۱۹۳۱ء ، ڈراما - فاؤسٹ کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۳) -

۳۶۳ - فاؤسٹ : گوئٹے ، جوہن وولف گینگ فان ، ترجمہ : شاہد احمد دہلوی ، دہلی : ساقی بکڈپو ، س - ن ، ڈراما - فاؤسٹ کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۷ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۳۶۴ - فاؤسٹ : گوئٹے ، جوہن وولف گینگ فان ، ترجمہ : عبد الحلیم خاں باقی، کراچی: انجمن ترقی اردو (پاکستان) طبع اول: ۱۹۶۱ء، ڈراما - فاؤسٹ کا منظوم ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۳) -

۳۶۵ - فاؤسٹ : گوئٹے ، جوہن وولف گینگ فان ، ترجمہ : فضل حمید ، بھاولپور : اردو اکیڈمی ، ۱۹۶۳ء ، ڈراما - فاؤسٹ کا ترجمہ (حوالہ : ۱۳ ، ۱۶) -

۳۶۶ - فاؤسٹ : گوئٹے ، جوہن وولف گینگ فان، ترجمہ : منور لکھنوی، کراچی : پاکستان جرمن فورم ، طبع اول : ۱۹۶۵ء ، ڈراما - فاؤسٹ کا منظوم ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۳ ، ۱۶) -

۳۶۷ - فریب حسن : گوئٹے ، جوہن وولف گینگ فان ، ترجمہ : ن۔ ن ، لکھنؤ : مینجر منروا کمپنی ، س - ن ، ڈراما - فاؤسٹ کا اردو میں اولین ترجمہ ۱۹۲۲ء سے قبل شائع ہوا - اسی ڈرامے کے دیگر مترجمین میں ڈاکٹر سید عابد حسین ، شاہد احمد دہلوی ، منشی جوالا پرشاد ، عبدالقیوم باقی اور منور لکھنوی کے نام ملتے ہیں (حوالہ : ۱ ، ۲) -

۳۶۸ - فریب عمل : گالزوردی ، جان ، ترجمہ : جگت موہن لال رواں، منشی ، الہ آباد : ہندوستانی اکیڈمی ، طبع اول : ۱۹۳۰ء ، ڈراما - انگریزی سے 'Skin-Game' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۳ ، ۷ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۳۶۹ - فریب ہستی : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : آغا حشر کاشمیری ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۸ء ، ڈراما - 'Macbeth' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۳۷۰ - قابیل : بائرن ، لارڈ ، ترجمہ : مجنوں گورکھپوری ، گورکھپور : ایوان اشاعت، س - ن، ص : ۹۸ ، ڈراما - انگریزی سے ترجمہ ، آدم کے بیٹوں کی ازلی آویزش ڈرامے کا موضوع ہے (حوالہ : ۲ ، ۹ ، ۱۱) -

۳۷۱ - قزاق : شلر ، فریڈرک ، ترجمہ : نور الٰہی محمد عمر ، نام مطبع و سنہ ندارد ، ڈراما - جرمن ڈرامے کا انگریزی کی معرفت ترجمہ - ڈراما ہندوستان کا منظر نامہ لیے ہوئے ہے تفصیل کے لیے دیکھیے "ناٹک ساگر" از نور الٰہی محمد عمر - ترجمہ ۱۹۳۵ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۲) -

۳۷۲ - قصہ مرغوب الطبع : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : احسان اللہ ، مولوی ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۰ء ، ڈراما - 'As you Like it' کا اردو میں اولین ترجمہ - دیگر ترجمے چرن داس ، بیتاب ، ولایت حسین ، عبدالعزیز خالد اور سعیدالحق عاشق دسنوی کے ملتے ہیں (حوالہ : ۲) -

۳۷۳ - قہر عشق : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : شان الحق حقی ، کراچی : انجمن ترقی اردو پاکستان ، طبع اول : ۱۹۸۳ء ، ص : ۱۸۹ ، ڈراما - انطنی کلو پطرہ کا منظوم و مقفیٰ ترجمہ (حوالہ : ۶) -

۳۷۴ - کالی ناگن عرف زن مرید : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : منشی انور الدین مخلص و منشی عشر ، نام مطبع ندارد ، ڈراما - 'Antony and Cleopatra' کا ترجمہ - پروفیسر یمنک نے اسے دو الگ الگ تراجم بتایا ہے (حوالہ : ۲) -

۳۷۵ - کرشمۂ شباب عرف مارآستین : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : حیران شکوہ آبادی ، ایم - ایچ ، نام مطبع ندارد ، ڈراما - 'Antony and Cleopatra' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۳۷۶ - کلیات مولیئر (جلد اول) : مولیئر ، انتخاب و ترجمہ : محمد عمر ، نام مطبع و سنہ ندارد ، ڈرامے - فرانسیسی سے چار طربیہ ڈراموں بالترتیب شوہروں کا مکتب ، بیویوں کا مکتب، بیویوں کے مکتب کا تجزیہ اور گنبد صحرا کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۳۷۷ - کنگ رچرڈ سوم : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : کیقباد پسٹن جی منشی ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۶ء ، ڈراما - 'Richard III' کا ترجمہ - اس ڈرامے کے دیگر تراجم آغا حشر کاشمیری ، بیتاب ، آغا محمد اور محمد شاہ کے ملتے ہیں - طبع دوم : ۱۹۰۷ء کی ہے (حوالہ : ۲ ، ۳) -

۳۷۸ - کنگ لیئر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : مجنوں گورکھپوری ، دہلی : الٰہین اکیڈمی ، س - ن ، ص : ۱۷۲ ، ڈراما - 'King Lear' کا ترجمہ : (حوالہ : ۲) -

۳۷۹ - کنگ لیئر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : لالہ سیتا رام ، لکھنؤ : نولکشور پریس ، س - ن ، ڈراما - 'King Lear' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۳۸۰ - گڑیا گھر : ابسن ، ہنرک ، ترجمہ : عبد الشکور ، علی گڑھ : نام مطبع ندارد ، ۱۹۲۸ء ، ڈراما - 'ڈالس ہاؤس' کا ترجمہ (حوالہ : ۲، ۵) -

۳۸۱ - گڑیا گھر : ابسن ، ہنرک ، ترجمہ : قدسیہ انصاری ، دہلی : آزاد کتاب گھر ، ۱۹۵۷ء ، ڈراما - 'ڈالس ہاؤس' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۳۸۲ - گلنار فیروز : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : شیر خان ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۶ء ، ڈراما - 'Romeo and Juliet' کا آزاد ترجمہ -

۳۸۳ - گلنار فیروز : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : سیٹھی ، جی - ایل ، نام مطبع ندارد ، ۱۹۰۹ء ، ڈراما - 'Romeo and Juliet' کا ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲) -

۳۸۴ - گورکھ دھندا : شیکسپیئر ، ولیم، ترجمہ : نرائن پرشاد بیتاب: نام مطبع ندارد، ۱۹۰۱ء ، ڈراما - 'The Comedy of Errors' اور 'Twelfth Night' کو باہم ایک کر دیا گیا ہے - اس ترجمے پر مبنی ڈراما 'الفرڈ ناٹک منڈلی' نے پہلی بار لاہور کے بریڈلے ہال میں پیش کیا تھا (حوالہ : ۲) -

۳۸۵ - گورکھ دھندا : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : گنیشر داس کوہر ، نام مطبع ندارد ، ۱۹۲۱ء ڈراما 'The Comedy of Errors' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۲) -

۳۸۶ - لفنگے کی ڈائری : ترجمہ : کمال احمد رضوی ، لاہور : میری لائبریری، س - ن، ڈراما - انگریزی سے ترجمہ (حوالہ: ۱۳،۱۶)-

۳۸۷ - مار آستین : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : دینا ناتھ فتح آبادی ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۳ء ، ڈراما - 'Othelo' کا ترجمہ - دوسری بار ۱۹۰۳ء اور تیسری بار ۱۹۰۳ء میں طبع ہوا حوالہ : ۲) -

۳۸۸ - مالن : شا ، جارج برنارڈ ، ترجمہ : محمد اکبر وفاقانی ، نام و مطبع و سنہ ندارد ، ڈراما - انگریزی سے ترجمہ ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۵) -

۳۸۹ - مجرم کون ؟ : پرسٹلے ، جے - بی ، ترجمہ : اظہار کاظمی ، مرتب: نعیم طاہر ، لاہور : مجلس ترقی ادب، ۱۹۶۶ء ، ص: ۱۵۶، ڈراما - 'An Inspector Calls' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۳ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۳۹۰ - محبت اور جنگ : شا ، جارج برنارڈ ، ترجمہ : خورشید نگہت ، لاہور : حامد برادرز ، طبع دوم : ۱۹۶۶ء ، ص : ۱۶۰ ، ڈراما - پہلی بار ، مکتبہ کائنات لاہور سے شائع ہوا -

'Arms and the Man' کا ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱)۔

۳۹۱ - مرچنٹ آف وینس یعنی دلفروش : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : مہراب جی پستن جی کانگا ، نام مطبع ندارد ، ڈراما ۔ 'The Merchant of Venice' کا ترجمہ ۱۹۳۰ء کے لگ بھگ شائع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۵) ۔

۳۹۲ - مرید شک : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : آغا حشر کاشمیری ، دہلی : نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۰ء ، ڈراما ۔ 'The Winter's Tale' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

۳۹۳ - مریم مجدلانی : میترلنک ، مارس ، ترجمہ : مجنوں گورکھپوری ، گورکھ پور : ایوان اشاعت ، ۱۹۳۷ء ، ڈراما ۔ اس ڈرامے میں تمثیل کی ایک نئی جمالیات پیش کی گئی ہے ۔ یہ ترجمہ پہلے رسالہ ماہنامہ 'ایوان' گورکھ پور ماہ اکتوبر ۱۹۳۳ء تا دسمبر ۱۹۳۳ء قسطوں میں شائع ہوا تھا ۔ اس ڈرامے کا ایک ترجمہ وحشی محمود آبادی کا بھی ملتا ہے جسے مجنوں کے ترجمے کا چربہ کہا جا سکتا ہے (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۳۹۴ - مریم مجدلانی : میترلنک ، مارس ، ترجمہ : وحشی محمود آبادی ، کراچی : اردو اکیڈمی، سندھ ، ص : ۱۳۲ ، ڈراما ۔ اس ڈرامے کا اولین ترجمہ اسی نام سے مجنوں گورکھپوری نے ۱۹۳۳ء میں کیا تھا (حوالہ : ۲ ، ۱۱ ، ۱۶) ۔

۳۹۵ - مشاطہ : وائلڈر ، تھارنٹن ، ترجمہ : عشرت رحمانی ، کراچی : اردو اکیڈمی سندھ ، س - ن ، ڈراما ۔ 'The Makh Maker' کا ترجمہ ۔ دوسری بار مکتبہ اشاعت ادب عنایت اللہ بلڈنگ لاہور نے شائع کیا (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) ۔

۳۹۶ - معشوقہ فرنگ عرف گلنار فیروز : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : جوالا پرشاد برق سیتا پوری ، منشی ، لکھنؤ : نولکشور ، طبع اول : ۱۸۹۶ء ، ڈراما ۔ 'Romeo and Juliet' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

۳۹۷ - معمار اعظم : ابسن ، ہنرک ، ترجمہ : عزیز احمد ، دہلی : انجمن ترقی اردو (ہند) طبع اول : ۱۹۳۰ء ، ص : ۳۲۰ ، ڈراما - نارویجن زبان سے 'The Master Builder' کا ترجمہ انگریزی زبان کی معرفت - پہلے انجمن کے رسالہ 'اردو' دہلی ۱۹۳۸ء میں طبع ہوا (حوالہ : ۲ ، ۱۳) -

۳۹۸ - منزل عشق : ٹیگور ، رابندر ناتھ ، ترجمہ : یزدانی جالندھری ، لاہور : کتابستان ، س - ن ، ڈراما - انگریزی سے ترجمہ (حوالہ : ۲ ، ۱۰ ، ۱۱) -

۳۹۹ - من کی چاہ : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : سعید الحق عاشق دسنوی ، نام مطبع و سنہ ندارد ، ڈراما - 'As you Like it' کا ترجمہ دیگر کئی ترجمے اس ڈرامے کے ملتے ہیں (حوالہ : ۲) -

۴۰۰ - موسم گرما کا خواب : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : احسان اللہ ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۸۹۰ء ، ڈراما - 'A Mid Summer Night's Dream' کا اولین اردو ترجمہ (حوالہ : ۱ ، ۲ ، ۵) -

۴۰۱ - مونا وانا : میترلنک ، مارس ، ترجمہ : جلیل احمد قدوائی ، ڈراما - بلجیم کے ڈراما نگار کا شاہکار ، انگریزی کی معرفت ترجمہ - ڈرامے میں عاصرہ پیسا کے دوران ایک خاتون کی شجاعت اور وطن پرستی کو موضوع بنایا گیا ہے - ترجمہ ۱۹۳۹ء سے قبل شائع ہوا (حوالہ : ۴) -

۴۰۲ - مونا وانا : میترلنک ، مارس ، ترجمہ : اے - این - سپرو ، لکھنؤ : اتر پردیش اردو آکیڈمی ، طبع اول : ۱۹۷۸ء ، ص : ۹۶ ، بلجیم کے ڈراما نگار کا شہرہ آفاق ڈراما - مصنف کو نوبل ادبی انعام مل چکا ہے (حوالہ : ۹ ، ۱۵) -

۴۰۳ - میٹھا زہر : شیکسپیئر ، ولیم ، ترجمہ : مصطفیٰ سید علی ، نام مطبع ندارد ، طبع اول : ۱۹۰۱ء ، ڈراما - 'Cymbeline' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) -

۴۰۴ ۔ میٹھا زہر عرف زہر محبت : شیکسپیئر، ولیم، ترجمہ : پنڈت نرائن پرشاد بیتاب، نام مطبع ندارد، ڈراما ۔ 'Cymbeline' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

۴۰۵ ۔ میڈیا : یوری پیڈیز، ترجمہ : ف ۔ ن، نئی دہلی : ساہتیہ اکیڈمی، طبع اول : ۱۹۷۷ء، ص : ۹۲، ۴۸۰ قبل مسیح کے ڈراما نگار کا جس کی تصانیف کی تعداد ۹۲ تک بتائی جاتی ہے، المیہ ڈراما ۔ مقدمہ نثار احمد فاروقی نے لکھا ہے ۔

۴۰۶ ۔ میکبتھ : شیکسپیئر، ولیم، ترجمہ : عنایت اللہ دہلوی، دہلی : مشمولہ 'ساقی' دہلی سالنامہ، ۱۹۳۸ء، ڈراما ۔ 'Macbeth' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

۴۰۷ ۔ میکبتھ : شیکسپیئر، ولیم، ترجمہ : قمر جمیل، کراچی : غیر مطبوعہ برائے ریڈیو، جنوری ۱۹۶۳ء، ڈراما ۔ جشن تمثیل ریڈیو پاکستان کراچی کے لیے 'Macbeth' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

۴۰۸ ۔ میکبتھ : شیکسپیئر، ولیم، ترجمہ : قاسم محمود، سید، لاہور : کلاسیک دی مال لاہور، س ۔ ن، ڈراما ۔ 'Macbeth' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

۴۰۹ ۔ میکبتھ : شیکسپیئر، ولیم، ترجمہ : محمد شمیم قریشی، پشاور : ندیم پبلشنگ ہاؤس خیبر بازار، ص : ۱۵۲، س ۔ ن، ڈراما ۔ 'Macbeth' کا ترجمہ (حوالہ : ۲) ۔

